# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Tuesday, August 03, 1999*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty five minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

---

*Recitation from the Holy Quran*

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

یایھا الذین اٰمنوا لا تتخذوا بطانۃ من دونکم لا یالونکم خبالا ط ودوا ما عنتم ج قد بدت البغضاء من افواھھم وما تخفی صدورھم اکبر ط قد بینا لکم الایٰت ان کنتم تعقلونo ھانتم اولاء تحبونھم و لا یحبونکم و تومنون بالکتاب کلہ ج و اذا لقوکم قالوآ اٰمنا واذا خلوا عضوا علیکم الانامل من الغیظ ط قل موتوا بغیظکم ط ان اللہ علیم بذات الصدور o

ترجمہ: مومنو! کسی غیر (مذہب کے آدمی) کو اپنا راز دار نہ بنانا یہ لوگ تمہاری خرابی (اور فتنہ انگیزی کرنے) میں کسی طرح کی کوتاہی نہیں کرتے اور چاہتے ہیں کہ (جس طرح ہو) تمہیں تکلیف پہنچے ان کی زبانوں سے تو دشمنی ظاہر ہو ہی چکی ہے اور جو (کینے) ان کے سینوں میں مخفی ہیں وہ کہیں زیادہ ہیں۔ اگر تم عقل رکھتے ہو تو ہم نے تم کو اپنی آیتیں کھول کھول کر سنا دی ہیں۔ دیکھو تم ایسے (صاف دل) لوگ ہو کہ ان لوگوں سے دوستی رکھتے ہو حالانکہ وہ تم سے دوستی نہیں رکھتے اور تم سب کتابوں پر ایمان رکھتے ہو (اور وہ تمہاری کتاب کو نہیں مانتے) اور

جب تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے ہیں اور جب الگ ہوتے ہیں تو تم پر غصے کے سبب انگلیاں کاٹ کاٹ کھاتے ہیں (ان سے) کہہ دو کہ (بدبختو) غصے میں مر جاؤ - خدا تمہارے دلوں کی باتوں سے خوب واقف ہے۔

## Questions and Answers

جناب چیئرمین - Question Hour. Question No.2 . اقبال حیدر صاحب۔

*2. *Sayed Iqbal Haider: Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state the names, residential addresses and portfolio/functions of all the Federal Ministers, Ministers of State and persons conferred the status and privileges of Federal Minister or Minister of State appointed since 17th February, 1997?

**Minister Incharge of the Cabinet Division:** Details may be seen at Annexure.

یہاں پر سوالوں سے صفحہ نمبر ۲ سے ۹ تک چسپاں کریں۔

---

*Deferred from the 29th July, 1999.

**Government of Pakistan**
**Cabinet Secretariat**
**Cabinet Division**
***

**Annexure**

I. **List of Federal Ministers indicating dates of joining offices.**

| S.No. | Name with tenure of Appointment | Official Residential Address | Portfolio | | From | To |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Muhammad Ishaq Dar 25.2.97 todate | H.No.26,Minister Enclave, F-5/2,Islamabad. | | Ministry of Commerce | 25.2.97 | 6.11.98 |
| | | | Addl Charge: | Ministry of Commerce | 6.11.98 | todate |
| | | | Addl Charge: | Ministry of Industries and Production | 25.2.97 | 11.7.97 |
| | | | | Ministry of Finance, Economic Affairs & Statistics and Revenue | 6.11.98 | todate |
| 2. | Mr. Sartaj Aziz 25.2.97 todate | 25-Park Road F-8/1, Islamabad | | Ministry of Finance, Economic Affairs and Statistics | 25.2.97 | 6.8.98 |
| | | | Addl Charge: | Ministry of Planning and Development | 25.2.97 | 6.8.98 |
| | | | | Ministry of Foreign Affairs | 6.8.98 | todate |
| 3. | Mr. Gohar Ayub Khan 25.2.97 todate | H.No.1-A,St No.62, F-6/3,Islamabad. | | Ministry of Foreign Affairs | 25.2.97 | 6.8.98 |
| | | | | Ministry of Water & Power | 6.8.98 | todate |
| | | | Addl Charge: | Ministry of Kashmir Affairs & Northern Areas & Frontier Regions | 25.2.97 | 11.7.97 |
| 4. | Ch. Shujaat Hussain 25.2.97 todate | H.No.9, St No.72, F-8/3, Islamabad. | | Ministry of Interior | 25.2.97 | todate |
| | | | Addl Charge: | Ministry of Railways | 25.2.97 | 11.7.97 |
| | | | | Ministry of Labour, Manpower & Overseas Pakistanis. | 25.2.97 | 11.7.97 |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 5. | Syeda Abida Hussain<br>25.2.97to 10.4.99(Resigned) | Not Applicable | | Ministry of Population Welfare | 25.2.97 | 10.4.99 |
| | | | Addl Charge: | Ministry of Women Development, Social Welfare and Special Education | 25.2.97 | 11.7 |
| | | | | Ministry of Environment, Local Government & Rural Development | 25.2.97 | 11.7.97 |
| | | | | Ministry of Food, Agriculture & Livestock | 13.3.97 | 11.7.97 |
| | | | Addl Charge: | Ministry of Science & Technology | 10.9.97 | 10.4.99 |
| 6. | Ch. Nisar Ali Khan<br>25.2.97 todate | 100-Faizabad, Murree Road, Rawalpindi | | Ministry of Water and Power | 25.2.97 | 11.7.97 |
| | | | Addl Charge: | Ministry of Petroleum & Natural Resources | 25.2.97 | 11.7.97 |
| | | | | Ministry of Petroleum & N.R | 11.7.97 | todate |
| | | | Addl Charge: | Inter-Provincial Coordination | 11.7.97 | todate |
| 7. | Mr. Muhammad Azam Khan Hoti<br>20.3.97to 4.6.98(Resigned) | Not Applicable | | Ministry of Communications | 20.3.97 | 4.6.98 |
| 8. | Sh. Rashid Ahmad<br>11.7.97 todate | Lal Haveli Bohr Bazar, Rawalpindi. | | Ministry of Culture, Sports, Tourism and Youth Affairs | 11.7.97 | 6.8.98 |
| | | | Addl Charge: | Ministry of Labour, Manpower and Overseas Pakistanis | 11.7.97 | 6.8.98 |
| | | | | Ministry of Labour, Manpower and Overseas Pakistanis | 6.8.98 | todate |
| 9. | Syed Ghous Ali Shah<br>11.7.97to 17.6.99(Resigned) | H.No.8, Minister Enclave, F-5/2,Islamabad. | | Ministry of Education | 11.7.97 | 17.6.99 |
| 10. | Makhdoom Muhammad Javed Hashmi<br>11.7.97 todate | H.No.10, Ministers' Enclave, Islamabad | | Ministry of Health | 11.7.97 | todate |
| | | | Addl Charge: | Ministry of Population Welfare | 8.6.99 | todate |
| 11. | Raja Nadir Pervaiz Khan<br>11.7.97 todate | Nadir House, Nadir Streeet Addyala Road,Rawalpindi. | | Ministry of Water and Power | 11.7.97 | 6.8.98 |
| | | | | Ministry of Communications | 6.8.98 | todate |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 12. | Lt. Gen (R) Malik Abdul Majeed<br>11.7.97 todate | H.No.30/B, St No.10,<br>F-8/3, Islamabad. | | Ministry of Kashmir Affairs & Northern Areas & States and Frontier Regions | 11.7.97 | todate |
| 13. | Sardar Muhammad Yaqub Khan Nasir<br>11.7.97to 6.8.98(Ceased to hold Office) | Not Applicable | | Ministry of Railways | 11.7.97 | 6.8.98 |
| 14. | Mian Muhammad Yaseen Khan Wattoo<br>11.7.97 todate | H.No.12, Ministers' Enclave, Islamabad. | | Parliamentary Affairs Division | 11.7.97 | todate |
| 15. | Mian Abdul Sattar Laleka<br>11.7.97 todate | H.No.3, Ministers' Enclave, F-5/1, Islamabad. | | Ministry of Food, Agriculture | 11.7.97 | todate |
| 16. | Raja Muhammad Zafar-ul-Haq<br>11.7.97 todate | 36, St.39, G-7/4, Islamabad. | | Ministry of Religious Affairs, Zakat, Ushar & Minorities Affairs | 11.7.97 | todate |
| 17. | Dr. Khalid Maqbool Siddiqui<br>11.7.97to 31.8.98(Resigned) | Not Applicable | | Ministry of Industries & Production | 11.7.97 | 31.8.98 |
| 18. | Mr. Mushahid Hussain Syed<br>11.8.97 todate | H.No.20, Ministers' Enclave, Islamabad. | | Ministry of Information & Media Development | 11.8.97 | todate |
| | | | Addl Charge | Ministry of Culture, Sports, Tourism and Youth Affairs | 30.1.99 | todate |
| 19. | Mr. Khalid Anwar<br>11.8.97todate | H.No.22, Ministers' Enclave, Islamabad. | | Ministry of Law, Justice and | 11.8.97 | todate |

## II. List of Ministers of State

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Asghar Ali Shah<br>25.2.97 todate | H.No.25, Ministers' Enclave, Islamabad. | | Housing & Works | 25.2.97 | todate |
| 2. | Syed Ahmed Mehmud<br>11.7.97 todate | H.No.13, Ministers' Enclave Islamabad. | | Environment, Local Government and Rural Development | 11.7.97 | todate |
| 3. | Mr. Muhammad Siddique Khan Kanju<br>11.7.97todate | Flat No.405, C-Block, Parliamentary Lodge, F-5, Islamabad. | | Foreign Affairs | 11.7.97 | todate |
| 4. | Capt. Haleem Ahmad Siddiqui<br>11.7.97todate | H.No.21, Ministers' Enclave, Islamabad. | Addl Charge: | Water and Power Communications | 11.7.97 | todate |
| 5. | Ms Tahmina Daultana<br>11.7.97todate | H. No.7, Ministers' Enclave, Islamabad. | | Women Development, Social Welfare and Special Education | 11.7.97 | todate |

## III. List of Advisers to the Prime Minister

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Mushahid Hussain Syed<br>25.2.97to 11.8.97 | Not Applicable | Addl Charge: | Adviser to the Prime Minister for Information and Media Development with the status of Federal Minister. Culture, Sports, Tourism and Youth Affairs | 25.2.97 | 11.8.97 |
| 2. | Mr. Khalid Anwar<br>5.3.97to 11.8.97 | Not Applicable | | Adviser to the Prime Minister for Law, Justice, Human Rights and Parliamentary Affairs with the status of Federal Minister. | 5.3.97 | 11.8.97 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 3. | Mr. Shahid Khaqan Abbasi<br>26.4.97 todate | H.No.4,St.No.17<br>F-7/2, Islamabad | Adviser to the Prime Minister for PIAC Affairs with the status of Minister of State | 26.4.97 | todate |
| 4. | Pir Muhammad Sabir Shah<br>15.9.97 todate | H.No.6, Minister's Colony, Islamabad. | Adviser to the Prime Minister on National Affairs with the status of Federal Minister | 15.9.97 | todate |
| 5. | Mr. Muhammad Asad Ali Khan Junejo<br>16.5.98todate | H.No.227, St.No.13, E-7, Islamabad. | Adviser to the Prime Minister with the status of Federal Minister | 16.5.98 | todate |
| 6. | Mr. M. Anwar Zahid<br>21.5.98to 28.4.99 (Deceased) | Not Applicable | Adviser to the Prime Minister with the status of Federal Minister | 17.2.97 | 21.5.98 |
| 7. | Dr. Hafiz A. Pasha<br>6.8.98to 13.11.98<br>(Resigned) | Not Applicable | Adviser to the Prime Minister with the status of Federal Minister | 6.8.98 | 13.11.98 |
| | | Addl Charge: | i. Finance | 6.8.98 | 13.11.98 |
| | | | ii. Economic Affairs and Statistics | 13.8.98 | 13.11.98 |

IV. <u>List of Special Assistants to the Prime Minister</u>

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | Mr. M. Anwar Zahid<br>17.2.97to 21.5.98(Deceased) | Not Applicable | Special Assistant to the Prime Minister with the status of Federal Minister | 17.2.97 | 21.5.98 |
| 2. | Begum Ishrat Ashraf<br>6.8.98todate | H.No.257, St.23, E-7, Islamabad. | Special Assistant to the Prime Minister with the status of Minister of State | 6.8.98 | 13.11.98 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 3 | Senator Sar Anjam Khan 15.4.99todate | H.No.290, St No.59-B, F-10/3, Islamabad. | Special Assistant to the Prime Minister with the status of Minister of State | 15.4.99 | todate |
| 4. | Syed Fazal Agha 15.4.99todate | Balochistan House, Islamabad. | Special Assistant to the Prime Minister with the status of Minister of State | 15.4.99 | todate |
| 5. | Rana Nazir Ahmad Khan 15.4.99todate | Federal Lodge, Islamabad, | Special Assistant to the Prime Minister with the status of Minister of State | 15.4.99 | todate |
| 6. | Engr. Iqbal Zafar Jhagra | H.8.C,St.61,F-7/4, Islamabad. | Special Assistant to the Prime Minister with the status of Minister of State | 20.5.99 | todate |

V. **List of Dignitaries holding status of Federal Minister**

| S.No. | Name and Designation | Official Residential Address | Status | From | To |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | Ch.Abdul Ghafoor, Chairman, Prime Minister's Commission. | H.No.15, Minister's Colony, Islamabad. | Federal Minister Implementation and Inspection | 21.7.97 | todate |
| 2. | Khawaja Muhammad Asif, Chairman, Privatization Commission. | H.No.27, Minister Colony, Islamabad. | Federal Minister | 5.3.97 | todate |
| 3 | Ch. Muhammad Farooq, Attorney General of Pakistan. | 23-Minister's Colony F-5/2, Islamabad. | Federal Minister | 11.4.97 | todate |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 4. | Lt. Gen (R) Malik Abdul Majeed, Chairman, Prime Minister's Implementation & Inspection Commission (sworn-in as Federal Minister) | Not Applicable | Federal Minister | 25.2.97 | 11.7.97 |
| 5. | Dr. Hafiz A. Pasha, Deputy Chairman, Planning Commission (Resigned) | Not Applicable | Federal Minister | 7.4.97 | 13.8.98 |
| 6. | Mr. Muhammad Akram Sheikh, Ambassador-at-Large (Resigned) | Not Applicable | Federal Minister | 8.4.97 | 11.10.97 |
| 7. | Mr. Mahmud Ali | H.No.2, Park Road F-8/2, Islamabad. | Federal Minister | 9.6.88 | todate |
| 8. | Mr. Meraj Khalid, Rector International Islamic University | H.No.7-A, St.49, F-6/4, Islamabad. | Federal Minister | 16.8.94 | todate |
| 9. | Syed Sharifuddin Pirzada, Hon. Ambassador-at-Large | H.No.25/1, 4th Zamzama Street Clifton, Karachi. | Federal Minister | 19.12.96 | todate |
| VI. | <u>List of Dignitaries holding status of Minister of State</u> | | | | |
| 1. | Mr. Ahsan Iqbal, i. Chief Coordinator for "Pakistan 2010 Programme". | H.No.24, Ministers' Enclave F-5/2, Islamabad. | Minister of State | 13.5.97 | todate |
| | ii. Deputy Chairman, Planning Commission | | | 13.8.98 | todate |
| 2. | Mian Muhammad Zaman, Chairman, Federal Land Commission. | H.No.1, Ministers' Enclave F-5/2, Islamabad. | Minister of State | 21.7.97 | todate |
| 3. | Mr. Humayun Akhtar Khan, Chairman, Board of Investment. | H.No.3, St No.60, F-7/4, Islamabad. | Minister of State | 15.9.97 | todate |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 4. | Sheikh Aftab Ahmad, Chairman, Prime Minister's Grievances Cell. | H.No.4, Minister Colony, G-5, Islamabad. | Minister of State | 30.10.97 | todate |
| 5. | Mr. Mumtaz Ahmad Tarar, Chairman, Markazi Khidmat Council. | MNA Hostel, Islamabad. | Minister of State | 3.4.97 | todate |
| 6. | Mian Mahmood Ahmed Khan, Chairman, National Commission on Textile. | 97-B-1/1, Nisar Road, Lahore Cantt. | Minister of State | 24.9.98 | todate |
| 7. | Col (Retd) S.K. Tressler, Chairman, National Council of Social Welfare. | 30-A, Beth Saidi Colony. Misrial Road, Rawalpindi Cantt. | Minister of State | 29.12.98 | todate |
| 8. | Mr. Arshad Chaudhry, Commissioner General for Stranded Pakistanis in Bangladesh. | H.No.2-B, St.56 F-6/4, Islamabad. | Minister of State | 23.2.99 | todate |
| 9. | Mr. M.A. Wajid Jawad, Chairman, Export Promotion Bureau. | H.No.1/2, Phase-V, Extn D.H.A,Karachi. | Minister of State | 3.3.99 | todate |
| 10. | Mr. S.A. Rehman, Ambassador-at-Large. | Agerton Road, Lahore | Minister of State | 17.3.99 | todate |
| 11. | Pir Karam Ali Shah, Deputy Chief Executive, Northern Areas | R.No.VIP-4, F-5/1, Northern Areas House, Islamabad. | Minister of State | 29.11.94 | todate |
| 12. | Khawaj Bilal Ahmad, Chairman. SMEDA. | 43-T, Gulberg-II Lahore. | Minister of State | 26.5.99 | todate |
| 13. | S.A Shah, Ambassador-at-Large | 112-D-3, Model Town Lahore. | Minister of State | 26.5.99 | todate |

جناب اکرم شاہ خان: جناب چیئرمین! یہاں پر جو تفصیلات مانگی گئی ہیں کہ وزیر، وزیرمملکت اور وہ حضرات جن کے عہدے وزراء یا وزرائے مملکت کے برابر ہوں۔ ان کو جب ٹوٹل کیا جائے تو میرے حساب سے یہ کوئی ۵۹ بنتے ہیں۔ شاید میرے حساب کتاب میں غلطی ہو تو یہ کوئی ۵۰ بنتے ہیں۔ جناب چیئرمین ! اب ہمارے ملک کی جو حالت ہے اور جو دعوے ہماری حکومت کر رہی ہے کہ ہمیں اپنے اخراجات کم کر دینے چاہیئیں۔ یہاں پر اتنے زیادہ لوگوں کا بطور وزیر، وزیرمملکت، مشیر کیا جواز ہے؟ ہماری صوبائی حکومت ہے جہاں پر کل ۴۳ ممبرز ہیں۔ ان میں سے ۲۸ منسٹرز ہیں۔ وہاں پرمسلم لیگ کی حکومت ہے۔ یہاں پر مرکز میں کوئی ۵۰ کے قریب وزیر، وزیر مملکت اورمشیر حضرات ہیں۔ اب اگر یہاں پر کہا جائے کہ کام بہت زیادہ ہے، اتنے لوگوں کے بغیر چل نہیں سکتا تو اسی اجلاس کو اگر ہم لے لیں۔ یہاں پر اجلاس اس لئے دیر سے شروع ہوتا ہے کہ ایک وزیر بھی موجود نہیں ہوتا کہ اجلاس شروع کیا جا سکے۔ جن وزیروں کے متعلقہ سوالات ہوتے ہیں وہ کبھی یہاں تشریف نہیں لاتے تو اتنا بڑا لشکر رکھنے کا کیا فائدہ ہے کہ جس پر ہمارے قومی خزانے کا پیسہ خرچ ہو رہا ہے۔ یہاں پر سوال میں شاید یہ کمی رہ گئی ہے ۔ یہ نہیں پوچھا گیا ہے کہ ان پر اخراجات کتنے آتے ہیں۔ پارلیمانی امور کے وزیر صاحب سے میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ آیا کابینہ کے اگلے اجلاس میں ہماری یہ گزارشات رکھیں گے کہ اس فوج ظفر موج کو گھٹایا جائے تاکہ ہمارے عوام پر جو ناجائز اور غیر ضروری بوجھ پڑ رہا ہے وہ ذرا کم ہو۔

Mr. Chairman: Minister for Parliamentary Affairs.

میاں محمد یسٰین خان وٹو: جناب والا! پہلے تو سوال کو اگر فاضل سینیٹر صاحب ملاحظہ فرمائیں تو وہ یہ ہے کہ جتنے

Federal Ministers, Ministers of State and persons conferred the status and privileges of Federal Minister or Minister of state appointed since 17th February, 1997

تو یہ فروری ۱۹۹۷ء سے لیکر جتنے appoint ہوئے ہیں ان کا ذکر ہے ۔ کئی ان میں سے استعفیٰ دیکر جا چکے ہیں۔ کئی جگہیں خالی ہیں۔ اب اس وقت منسٹرز کی تعداد صرف ۱۴ ہے۔ بہت سارے portfolios اس وقت پرائم منسٹر صاحب کے پاس ہیں کیونکہ ان کے منسٹر اکثر استعفیٰ دے چکے

ہیں۔ یہ جو total number دیا گیا ہے یہ ان سب کا دیا گیا ہے جو ۱۷ فروری ۱۹۹۷ء کے بعد appoint کئے گئے ہیں۔ آج ان کی صورت اس سے مختلف ہے۔ کابینہ کے منسٹرز اس وقت ۱۴ ہیں۔ ۵ منسٹرز آف سٹیٹ ہیں۔ باقیوں کو مختلف معاملات کے بارے میں status حاصل ہے جس کی تفصیل اس میں بتائی گئی ہے۔ کوئی غیر ضروری تعیناتی نہیں ہے جو نامناسب ہو بلکہ اس وقت کابینہ میں بہت سارے portfolios خالی ہیں۔ میں یہ عرض کروں گا کہ میں ان کے ان جذبات کی قدر کرتا ہوں کہ ہمیں اخراجات کم سے کم کرنے چاہئیں اور حکومت اس کا پورا خیال کر رہی ہے۔ اس طریقے پر حکومت نے سارے اخراجات کو کنٹرول کیا ہے کہ پچھلے سال ہمارے بجٹ کا جو financial deficit ہوتا تھا وہ اس سال بہت کم ہوا ہے بلکہ ریکارڈ کم ہوا ہے۔

**جناب چیئرمین** : جی زاہد خان صاحب۔

**جناب محمد زاہد خان** : میرا وزیر موصوف سے سوال ہے۔ یہ کہتے ہیں کہ ہم نے اخراجات کم کئے ہیں۔ آپ منسٹرز، منسٹرز آف سٹیٹ اور ایڈوائزر جو آپ نے بنائے ہیں، ان کی لسٹ اگر دیکھ لیں تو کیا یہ قومی خزانے پر بوجھ نہیں ہے؟ آپ تو development کی مد میں کہتے ہیں کہ ہمارے پاس پیسہ نہیں ہے۔ عوام کی فلاح و بہبود کے لئے تو آپ کے پاس کچھ نہیں ہے۔ آپ عوام کو روزگار فراہم نہیں کر سکتے ہیں۔ اخبارات میں اشتہار دیتے ہیں اور پھر notification جاری نہیں کر سکتے، اس لئے کہ آپ کے پاس پیسہ نہیں ہے۔ یہ جو مراعات ایک Adviser کی ہیں وہ کتنی ہیں اور ایک پر کتنا خرچ آتا ہے، آپ کے جو Ministers ہیں یعنی اس میں چھوٹے صوبوں سے، اگر آپ دیکھیں تو State Minister بھی نہیں ہے اور full Minister بھی نہیں ہیں۔ کیا یہ فیڈریشن کے ساتھ زیادتی نہیں ہے۔ یہ آپ بتائیں۔

Mr.Chairman: Minister for Parliamentary Affairs.

**میاں محمد یٰسین خان وٹو** ۔ جناب والا! یہ financial بار کی term ایک relative term ہے۔ اگر ہم یہ سمجھیں کہ ہر ایک چیز کا خزانے پر بار ہے تو وہ بار ہوگا۔ اگر آپ نے اخراجات کرنے ہیں، administration رکھنی ہے، فوج رکھنی ہے، پولیس رکھنی ہے، پارلیمنٹ بنانی ہے اور کیبنٹ بنانی ہے تو ان پر اخراجات تو ہوں گے۔ اب ان اخراجات کو کہیں کہ یہ بار ہیں تو بار آپ کہہ سکتے ہیں لیکن بار ہونا بذات خود گناہ نہیں ہے، ناجائز بار ہونا گناہ ہے۔

میں نے عرض کیا کہ یہ پہلی گورنمنٹ ہے جس نے پچھلے سال اخراجات میں اتنی احتیاط کی ہے کہ ہمارے اخراجات ہر ایک چیز پر کم ہوئے ہیں۔ حکومت نے پورا کنٹرول کیا ہے۔ جو بجٹ کا deficit ہے وہ پہلی دفعہ اتنا کم ہوا ہے۔ اس سے پہلے آج تک ایسا کبھی کم نہیں ہوا تھا۔ وہ اسی احتیاط سے ہوا ہے کہ حکومت نے کوئی فضول پیسہ خرچ نہیں کیا۔ اس حیثیت سے جناب یہ کوئی ناجائز اخراجات نہیں ہیں۔

**جناب چیئرمین۔** ڈاکٹر عبدالحئی صاحب۔

**ڈاکٹر عبد الحئی بلوچ۔** شکریہ چیئرمین صاحب۔ ویسے تو حکومت یہ دعویٰ کرتے تھکتی نہیں ہے کہ ہم اخرجات کم کر رہے ہیں یا ہماری حکومت سادگی سے کام لے رہی ہے اور ملک سنگین معاشی بحران سے دو چار ہے۔ اسی وجہ سے ہم لوگ معاشی طور پر اسے کنٹرول کر رہے ہیں۔ مگر وزراء کی فوج ظفر موج پچاس سے زائد ہے۔ اب دوبارہ یہ پر تول رہے ہیں اور بہت سے لوگ نئی شیروانیاں بنائے بیٹھے ہیں اور تیار ہیں کہ وہ induct ہوں گے۔ میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ یہ جو سلسلہ آپ کا جاری ہے یہ۔ آپ کے اس کہنے کی نفی نہیں ہے کہ کہتے کچھ ہیں، کرتے کچھ ہیں۔ آپ نے تو اس ملک کے اخراجات بڑھا دیئے اور آپ کی حکمرانی کا انداز شاہانہ ہے۔ جس کی بھی آپ کو ضرورت پڑتی ہے، جسے آپ سمجھتے ہیں کہ اس کو نوازا جائے، اس کو یا تو آپ State Minister بناتے ہیں یا Adviser یا کوئی نہ کوئی اس کو ٹیگ لگا دیتے ہیں۔ اس کی کوئی ضرورت ہی نہیں ہے۔ انڈیا ہمارا ہمسایہ ملک ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ اس سے ہمارا مقابلہ ہے۔ اس کی آبادی ہماری آبادی سے ۸۔۱۰ گنا زیادہ ہے۔ وہاں وفاقی حکومت کے لوگ اس سے آدھے ہیں۔ آپ کمال کرتے ہیں کہ آپ اب بھی بڑھاتے جا رہے ہیں۔ پھر سب سے بڑا ظلم آپ نے بلوچستان کے ساتھ یہ کیا ہے کہ اس کی وفاقی حکومت میں کوئی نمائندگی ہی نہیں ہے۔ ہم یہاں چیخ چیخ کر کہہ رہے ہیں کہ خدا کے بندو! ایک آدمی تو بلوچستان سے رکھو، پھر یہ جو اخراجات ہیں اس کی بھی ہمیں تفصیل بتائیں کہ سال میں کتنا خرچ ہو رہا ہے؟

**جناب چیئرمین۔** دو باتیں ۔ اخراجات بھی زیادہ ہیں اور بلوچستان سے نمائندگی بھی نہیں ۔ یہ بڑی مناسب بات ہے۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جناب اخراجات کے بارے میں، میں نے عرض کیا ہے

کہ کوئی ناجائز اخراجات نہیں کئے جا رہے ہیں بلکہ جس طرح وہ خود فرما رہے ہیں کہ اب کیبنٹ میں کئی Ministries اس وقت خالی ہیں اور ان کے وزراء استعفیٰ دے چکے ہیں جو پرائم منسٹر صاحب کے پاس ہیں۔ اخراجات کا جہاں تک تعلق ہے تو میں بڑی وضاحت سے پہلے عرض کر چکا ہوں کہ وہ نتیجہ سے بات ظاہر ہوگی۔ یعنی ہم نے اخراجات کو اتنا کنٹرول کیا ہے کہ بجٹ کا deficit کم ہوا ہے جو آج تک نہیں ہوا تھا۔ وہ کیسے ہو گیا اگراخراجات میں کمی نہیں کی گئی تو۔ اخراجات میں تو کمی کی گئی ہے۔ اس کے بارے میں احتیاط بھی کی گئی ہے۔ البتہ بلوچستان کا نمائندہ اس وقت فیڈرل وزیر نہیں ہے لیکن فضل آغا صاحب Minister of State کا status ان کے پاس ہے اور دو طرح کی یہ پوزیشن ہے۔

ایک تو انہوں نے سوال پوچھا ہے کہ فیڈرل منسٹرز کتنے ہیں اور Ministers of State کتنے ہیں۔ Federal Ministers or Ministers of State جو oath لیتے ہیں بطور Federal Ministers and Ministers of State وہ full-fledged Ministers یا Ministers of State ہیں۔ باقی حضرات مختلف کام کرتے ہیں۔ ان میں کسی کو Federal Minister کا status دے دیا جاتا ہے اور کسی کو Minister of State کا status دیدیا جاتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ ان کی مراعات کیا ہوں گی، ان کو اخراجات کے بارے میں، تنخواہ کے بارے میں اور باقی چیزوں کے بارے میں رعایتیں کیا ہوں گی بجائے اس بات کے کہ جس شخص کو appoint کیا جائے ہر ایک کے بارے میں علیحدہ علیحدہ terms and conditions of service ہوں، ایک جگہ پر یہ کہہ دیا جاتا ہے کہ ان کا status فیڈرل منسٹر کا ہوگا یا Minister of State کا ہوگا۔ وہ کابینہ کے ممبر نہیں ہوتے۔ اس بات کا فرق ملحوظ خاطر رکھنا ضروری ہے۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے۔ جی میجر مختار صاحب۔

Maj. (Retd.) Mukhtar Ahmed Khan: In the fitness of things, I think it should have been a Prime Minister who should answer these questions because I don't think he can justify them. But anyway sir, his attempt is there.

جناب میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب آپ کسی کو کہہ دیتے ہیں کہ یہ special assistant ہے یا کوئی status آپ دے دیتے ہیں تو آپ اس کا کام بھی بتاتے ہیں کہ آخر یہ

کس چیز کے لئے special assistant ہے ' یہ کیا کام کر رہا ہے۔ اگر آپ اس لسٹ میں دیکھیں کہ کسی کا تو انہوں نے لکھا ہوا ہے کہ یہ فلاں کام کے لئے ہے' کسی میں just special assistant لکھا ہے۔

What are they meant for after all, they are drawing all these privileges.

دوسری بات یہ ہے کہ ان میں اس طرح کے ہیں جیسے

Chairman Export Promotion Bureau. He is a Chairman of Export Promotion Bureau, he has been given the status of Minister

ٹھیک ہے he might be drawing one of the privileges but I fail to understand is کہ وہ کیا as a Chairman Export Promotion Bureau کام نہیں کر سکتا تھا' اس کے لئے ضروری تھا کہ he has to be given the status of a Minister of State

جناب چیئرمین۔ جی وزیر پارلیمانی امور۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔جناب والا! میں نے عرض کیا کہ بجائے اس کے کہ ہر ایک شخص جس کو appoint مختلف چیزوں کے لئے کیا جائے اور اس کی terms & conditions علیحدہ بیان کی جائیں یہ already determined ہیں۔ فیڈر ل منسٹر کا سٹیٹس determined ہے۔ منسٹر آف سٹیٹ اور ایڈوائزر یا جو دوسرے لوگ حکومت میں مقرر کیے جاتے ہیں۔ان کو جب یہ کہہ دیا جاتا ہے کہ فلاں سٹیٹس ان کو ملے گا تو وہ مراعات ان کو ملتی ہیں۔ یہ آج سے نہیں بہت پہلے سے اپوائنٹ کرنے کا established طریقہ ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ان کو کام کوئی نہیں دیا جاتا۔خاقان عباسی صاحب ایڈوائزر ہیں to the Prime Minister for PIA ۔ اور محمد قادر شاہ بھینیشنل افیئرز کے ہیں اور یہ قاری ہیں جو جو کام ان کے سپرد ہیں۔ ماسوائے ایک آدھ ایڈوائزر کے۔

جناب چیئرمین۔جی اقبال حیدر صاحب کا سوال ہے ۔میرا خیال ہے یہ بھی پوچھ لیں۔

سید اقبال حیدر۔اصل میں محترم منسٹر صاحب کی توجہ ----

(مداخلت)

Mr. Bashir Ahmed Matta: The speakers are pleased that the

answers are correctly given but here, sir, you give them a long rope and they are taking undue advantage of that. If this is the attitude of the Chair and the Minister, we will not accept this. We will walkout of the House.

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo: Sir, I take exception to this. Sir, I have answered to what has been put to me.

اگر وہ یہ چاہتے ہیں کہ ان کے اعتراضات کو ہم ناجائز طور پر تسلیم کر لیں تو یہ ممکن نہیں ہے۔

Mr. Bashir Ahmed Matta: This is *"hera phairi"*, this is just no answer. We want an answer sir.

آپ ان کو کیوں نہیں کہتے کہ صحیح جواب دیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین ۔ دیکھیں اس میں یہ ہوتا ہے کہ if the Minister is unable to give a proper reply, it means that he does not have a proper reply.

Mr. Bashir Ahmed Matta: Sir, it goes by default, we want the proper reply so that the nation knows what the Government is doing.

جناب چیئرمین ۔ اگر آپ کے سوال کا جواب صحیح نہیں آتا تو اس کا مطلب ہے کہ جواب نہیں ہے۔

جناب بشیر احمد مٹھ ۔ تو پھر یہ کس لئے ہیں what is the use of question hour? جناب یہ آپ کی ڈیوٹی بنتی ہے۔

Mr. Chairman: You know this, the press and everybody knows the reason but how can I direct

کہ جی آپ خاص قسم کا جواب دیں۔

I can only say, I agree with you that the question hour is the serious matter, it should be taken seriously and the questions and their anwers should be taken

seriously. But for me to direct

کہ خاص جواب دیں وہ تو میں نہیں کرسکتا۔

Mr. Bashir Ahmed Matta: The Prime Minister himself shy of coming to this House, why does'nt he appear in this House?

جناب چیئرمین۔ جی اقبال حیدر صاحب آپ کا سوال ہے پوچھ لیں۔

سید اقبال حیدر۔ جناب ویسے زاہد خان صاحب بات تو صحیح کہہ رہے ہیں کہ میں جو بھی سوال کروں گا اس کا بھی حشر باقی سوالات کی طرح سے ہوگا اور جواب صاف نہیں آئے گا۔ میرا آئینی اعتراض ہے وہ یہ ہے کہ بہت سارے ممبران پارلیمنٹ کو انہوں نے office of profit دیا ہے اور Article 63 کی زد میں یہ تمام افراد آتے ہیں۔ Article 63 میں یہ لکھا ہے۔

Person shall be disqualified from being a member of Majlis-e-Shoora or Parliament, if he holds an office of profit in this Service of Pakistan, or service of Pakistan has been defined under Article 264 sir, Article 264 reads that Service of Pakistan means any service, post or office in connection with the affairs of the federation or of a province, and include all Pakistan service, service in Armed Forces and any other service declare to be a service by or under an Act of the Majlis-e-Shoora or of a Provincial Assembly.

Sir my contention is that all these chairmen who are holding office of the Board of Investment or PIA or any other office, they are disqualified. Is it not a violation of the Constitution by the present government to render its members of Parliament disqualified and why have they not been removed from the seats in the National Assembly or Senate? One is this ancilliary to it that corrected question is that, on the one hand we have an unlimited number of Federal Ministers, dignitaries with the status of a Federal Minister, dignitaries with a status of the State Ministers, dignitaries as a Special Assistant to the

Prime Minister etc. and Adviser. Then we don't have a Minister for Industries, who is Minister of Industries, who is Minister for Railways, who is Minister for Culture, who is Minister for Commerce and what is the justification for these three? Sir, there are three Ambassadors at Large, one is Mr. Sharifuddin Pirzada..

(interruption)

جناب چیئرمین : جی Minister for Parliamentary Affairs ٹھیک ہے جی اقبال حیدر صاحب ۔ جی فرمائیں وٹو صاحب ۔ اقبال حیدر صاحب یہ بھی کوشش کریں کہ سوال clear cut ہو، تاکہ جواب بھی صحیح ہو۔ اتنے لمبے سوال ہوں تو پھر وہ بھی اس کو گول مول کرتے ہیں۔ جی وٹو صاحب۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جناب والا! فاضل ممبر صاحب نے بات کی ہے ۔ اب میں عرض کروں گا کہ فاضل ممبر صاحب نے کچھ یوں کیا ہے کہ " مت پڑھو نماز" اور بات وہاں چھوڑ دی ہے ۔ اگلا حصہ نہیں لیا کہ جب تم نشے کی حالت میں ہو ۔ اب یہ ہے کہ Service of Pakistan کے بارے میں مجھے اجازت دیں چونکہ انہوں نے پڑھا ہے۔ میں یہ سب آپ کی خدمت میں عرض کردوں

"Service of Pakistan means any service post or office in connection with the affairs of the federation or of a province includes as an all Pakistan Service, service in the Armd Forces and any other service declares to be a Service of Pakistan by or under Act of Majlis-e-Shoora or of a Provincial Assembly".

یہاں تک تو انہوں نے پڑھ دیا ہے ۔

"But does not include service as Speaker, Dy. Speaker, Chairman, Dy. Chairman, Prime Minister, Federal Minister, Minister of State, Chief Ministers , Provincial Minister, Attorny General, Parliamentary Secretary, Chairman or a member of the Council of Islamic Ideology, Special Assistant to the Prime Minister, Adviser to the Prime Minister, Special Assistant to the Chief Minister, Adviser to a Chief

Minister or a member of a House or a Provincial Assembly".

تو یہ کہاں disqualify ہوتے ہیں ؟ ان میں سے کوئی آدمی disqualify نہیں ہوتا - جناب والا! یہ سوال Federal Minister, Advisers یا ان لوگوں کے بارے میں ہے جن کو status of a Federal Minister دیا گیا ہے - اگر کوئی دوسرا سوال ہے تو وہ اس کو کورٹ میں جا کر contest کر سکتے ہیں- جناب والا! یہاں Constitution میں ان سارے عہدیداروں کو protection دی ہوئی ہے جن کے بارے میں، میں نے ذکر کیا ہے-

**جناب چیئرمین-** جی بلیدی صاحب نے سوال نہیں پوچھا' وہ پوچھ لیں-

**ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی-** میں وزیر صاحب سے یہ سوال پوچھنا چاہتا ہوں کہ بلوچستان پاکستان کا ایک صوبہ ہے اور اس کی وفاقی کابینہ میں گزشتہ ایک سال سے نمائندگی کیوں نہیں ہے ؟ ہمارے ایک وفاقی منسٹر یعقوب ناصر صاحب تھے ان کو کس بنیاد پر فارغ کر دیا گیا تھا- اب ہمیں کتنی Ministries دینے کے لئے وہ تیار ہیں تاکہ ہماری تشنگی کی بھی پوری ہو جائے-

**جناب چیئرمین-** جی وزیر صاحب-

**میاں محمد یٰسین خان وٹو-** جناب والا! اس کی کوئی وجہ تو بیان نہیں کی جا سکتی لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ پہلے منسٹروں کی تعیناتی میں ایک منسٹر ان کے تھے - جب وہ ہٹائے گئے تو اس کے بعد کوئی نیا منسٹر appoint نہیں کیا گیا- بہرصورت اب جب منسٹرز لئے جائیں گے تو مجھے امید اور یقین ہے کہ وزیر اعظم صاحب اس بات کا خیال رکھیں گے اور بلوچستان اور چھوٹے صوبوں کو پوری نمائندگی دی جائے گی-

**جناب چیئرمین-** دوسرا سوال تھا کہ یعقوب ناصر کو کیوں نکالا گیا؟

**میاں محمد یٰسین خان وٹو-** اس سلسلے میں تو جناب والا! میں کوئی جواب نہیں دے سکتا' کیونکہ یہ تو Prime Minister صاحب کی discretion ہے -

**جناب چیئرمین-** تیسرا آپ کا سوال کیا تھا؟

**ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی-** ایک سال سے زائد ہو چکا ہے بلوچستان کی کابینہ میں

نمائندگی نہیں ہے' اس کی سزا کیا ہونی چاہیئے ؟

جناب چیئرمین۔ اس کی سزا میرے خیال میں یہ ہے کہ بلیدی صاحب کو وزیر لگا دینا چاہیئے۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ جناب والا! ان کو اتنی بڑی سزا نہیں دینی چاہیئے۔

جناب چیئرمین۔ جی شیخ رفیق صاحب۔

شیخ رفیق احمد۔ جناب مشاہد حسین سید اور جناب خالد انور صاحب سمیت کچھ دوستوں کو میں مبارکباد دینا چاہتا ہوں کہ فیڈرل منسٹرز ہونے کے باوجود بھی Federal Ministers کے status کے کئی عہدے ان کے پاس ہیں۔ ایسی شخصیتیں تو دنیا میں بہت ہی کم ہوں گی کہ ایک تو formal Federal Minister ہیں اور پھر کچھ informal Federal Ministers ہیں اور تین تین جگہ پر پڑھ کر بڑی خوشی ہوئی۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ شیخ صاحب نے توجہ نہیں فرمائی وہ اس وجہ سے کہ 17-2-97 سے پہلے وہ Adviser تھے اور آگے تاریخ دی ہوئی ہے کہ جس وقت تک Adviser تھے اور with the status of a Federal Minister اور کس تاریخ سے Minister ہیں۔ وہ اگر پوری تفصیل دیکھیں تو یہ سب کچھ اس میں درج ہے۔

جناب چیئرمین۔ جی بشیر مٹھ صاحب۔

جناب بشیر احمد مٹھ۔ پہلے تو میں ان کو یہ concession دیتا ہوں کہ بہت سے ایسے سوالات یہاں سے ہوتے ہیں کہ جن کا وہ جواب نہیں دے سکتے۔ یہ تو Prime Minister صاحب کا کام ہے

why this poor man feels shy of coming into this House? This is a House of Parliament but the Prime Minister never comes into this House, unless there is a very special occasion. So, the first protest that we want to register is the absence of the Prime Minister. So many important things have happened in this country, so many shaking evils have taken place, even equal to shaking the very

foundations of their government but he did not appear in this House. Why is he avoiding of appearing before the House of Parliament which is the upper House? The other thing is sir, that the honourable Minister is a great expert at law and he said that certain categories are excluded from this government service. Now I would ask him and he should answer specifically, whether the certain Chairmen, who are taken from the Parliament, from the upper House, are these also excluded from the government service? For instance, like the Board of Investment, PTV, Privatization Commission, PIA particularly. Now those are the posts which pertain to administration of certain organizations and they are definitely included in the government service. But when the members of Parliament are appointed to these positions, then is it not a violation of Constitution? If it is, then he will advice us that you go to the courts of law. Then it means that will they always violate the Constitution and members of Parliament, instead of getting answers in this House will have to go to the courts of law. Please ask him to give me a specific answer.

Mr. Chairman: Yes, Minister for Parliamentary Affairs.

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جناب والا! اگر آپ سوال ملاحظہ فرمائیں تو وہ منسٹرز، فیڈرل منسٹر اور ان لوگوں کے بارے میں ہے جنہیں یہ status available. ہے تو چیئرمین کے بارے میں سوال میں کچھ نہیں ہے۔

(مداخلت)

میاں محمد یٰسین خان وٹو: میں عرض کرتا ہوں کہ اگر چیئرمین کے بارے میں وہ جواب چاہتے ہیں تو وہ علیحدہ سوال دے دیں پھر میں اس کا جواب ان کو دے دوں گا۔ یہ ایک نیا سوال ہے۔ it does not arise out of this.

Mr. Chairman: I don't know whether it is an adequate reply or not,

but there is a reply.

ویسے اس کا جواب ایک یہ ہے کہ واقعی لوگ عدالت میں گئے تھے، یہاں خاقان عباسی صاحب بیٹھے ہیں، پانچ چھ دن پہلے فیصلہ ہوا ہے ہائی کورٹ کا انہوں نے کہا ہے کہ یہ part time Chairman ہیں لہذا یہ constitutional violation نہیں ہے۔

There is a judgement of the Lahore High Court, delivered only few days ago. So, that is a legal matter and if somebody aggrieves, they can go and appeal, but this is a latest position on the legal side of this point.

شاہد صاحب کب فیصلہ ہوا ہے؟

جناب شاہد خاقان عباسی: یہ کوئی ایک ہفتہ پہلے فیصلہ ہوا ہے۔

جناب چیئرمین: ہاں ایک ہفتہ پہلے فیصلہ ہوا ہے۔

جناب بشیر احمد مٹہ: جناب اس میں تو باقی تفصیل سامنے نہیں آئی ہے۔

Sir, there may be some other backgrounds and other reasons also for arriving at that decision which are concealed from us. So, either they have to put all the details before the House or not, put such a precedent in this House because we want details of the case, why the High Court gives a decision like this, because you know, sir, according to the same laws, the courts give different decisions because the facts of each case are different. So, may be it is applicable in his case but I am sure that it will not be applicable in the case of Mr. Parvez Rasheed who is a member of Parliament and he enjoys perks and privileges of the Chairman of the PTV.

Mr. Chairman: It is a serious question. Yes, Rashdi Sahib.

جناب حسین شاہ راشدی: جناب یہ ایک ایسا اہم سوال ہے کہ جس سے متعدد ضمنی سوال ابھرتے ہیں۔ جناب یٰسین خان وٹو ہمیشہ یہ دعوٰی فرماتے ہیں کہ اس حکومت کو چھوٹے صوبوں کی نمائندگی کی اتنی فکر ہے کہ وہ غالباً رات کو سو بھی نہیں سکتے۔ میں ان سے پوچھوں گا

کہ یہ جو طویل فہرست ہے dignitaries کی ' federal ministers کی ' federal ministers of state کی ' اس میں بتائیں گے۔ نمبر 1 ' کہ بلوچستان کے کتنے وزیر ہیں ' کتنی نمائندگی ہے ' سندھ کی کتنی ہے ' جس کے 46 ممبر قومی اسمبلی مین ہیں اور 19 ممبر سینیٹ میں ہیں ' سندھ کی کیا نمائندگی ہے؟ ایک آدھا وزیر ہاؤسنگ کا رکھا گیا ہے اور وہ بھی اس کو بالکل معطل کر دیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے ہاؤسنگ اتھارٹی بنائی ہے اور اس کا چیئرمین ہاؤسنگ منسٹر نہیں بنایا ہے بلکہ سینیٹر سیف الرحمٰن بنا ہے۔ اس میں ہاؤسنگ منسٹر کا کوئی کردار نہیں ہے ' یہ سندھ کے نمائندے کی توقیر ہوئی ہے!

دوسرا یہ کہ فرنٹیئر سے ان کی کتنی نمائندگی ہے۔ یہ براہ کرم بتادیں کہ چھوٹے صوبوں کے ساتھ یہ حکومت ایک ترجیحی سلوک کیوں رکھ رہی ہے تو وہ ہمیں ذرا بتا دیں۔

تیسری بات یہ ہے کہ ایک ایک شخص کو تین تین ٹوپیاں پہنائی گئی ہیں۔ ایم این اے وہ پہلے ہے ' پھر اس کو ایک عہدہ دیا گیا ہے ' پھر اس کو ایک status دیا گیا ہے۔ کیا وزیر صاحب ہمیں یہ بتائیں گے کہ وہ مراعات کون سی لے رہے ہیں۔ Federal Minister of State, کی ' ایم این اے کی یا جس عہدے پر وہ مامور ہیں۔ میں ان سے پوچھوں گا کہ یہ جو کوئی ایس اے رحمٰن صاحب لاہور میں مقیم ہیں ' جن کو Ambassador at large کیا گیا ہے ' تو ان کے antecedent بتائیں گے اور وہ سفارت کہاں فرما رہے ہیں؟

Mr. Chairman: Yes, Minister for Parliamentary Affairs.

**میاں محمد یٰسین خان وٹو:** یہ کس نمبر پر ہیں جی رحمٰن صاحب۔

**جناب چیئرمین :** پہلے تو یہ پوچھنا ہے کہ سندھ سے کتنی نمائندگی ہے ' بلوچستان سے کتنی ہے؟

**میاں محمد یٰسین خان وٹو :** چھوٹے صوبوں کے representative میں آپ کے سامنے پیش کرتا جاتا ہوں۔ وہ پھر اندازہ لگالیں۔سرتاج عزیز صاحب صوبہ سرحد کے ہیں-----

(مداخلت)

**جناب چیئرمین :** ٹھیک ہے ' وہ کہتے ہیں ' آپ سن لیں ' جھگڑے میں نہ پڑیں۔ سرتاج عزیز صاحب ہیں ' گوہر ایوب صاحب ہیں اور-----

**جناب محمد زاہد خان** : قطعاً نہیں ہیں، انہوں نے پنجابستان بنایا ہوا ہے۔ یہ سارے پنجاب کے منسٹر بیٹھے ہوئے ہیں۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو** : جناب والا! یہ سوال تو کرتے ہیں، جواب نہیں سنتے۔

**جناب چیئرمین** : جواب تو سن لیں زاہد خان صاحب! you then disagree.

**میاں محمد یٰسین خان وٹو** : سرتاج عزیز صاحب، فاضل منسٹر این ڈبلیو ایف پی سے ہیں۔ گوہر ایوب خان واٹر اینڈ پاور کے منسٹر ہیں۔ محمد اعظم خان ہوتی صاحب سرحد سے کمیونیکیشن کے منسٹر تھے، انہوں نے خود استعفیٰ دیا ہے۔ سید غوث علی شاہ صاحب تھے، انہوں نے چند دن ہوئے استعفیٰ دیا ہے۔ بلوچستان سے سردار محمد یعقوب ناصر تھے۔ سندھ سے خالد مقبول صدیقی تھے انڈسٹری کے منسٹر، انہوں نے خود استعفیٰ دیا ہے۔ اب منسٹر دوبارہ لئے جانے ہیں۔ اصغر علی شاہ موجود ہیں خدا کے فضل و کرم سے۔

**جناب چیئرمین** : حلیم صدیقی صاحب ہیں۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو** : کیپٹن محمد حلیم صدیقی صاحب ہیں۔ پیر محمد صابر شاہ صاحب ہیں این ڈبلیو ایف پی سے۔ حفیظ پاشا سندھ سے تھے، وہ استعفیٰ دے گئے ہیں۔ اسد علی جونیجو، سینیٹر سرانجام خان این ڈبلیو ایف پی سے ہیں، ان کا فیڈرل منسٹر کا سٹیٹس ہے۔ سید فضل آغا بلوچستان سے ہیں۔ اقبال ظفر جھگڑا این ڈبلیو ایف پی سے ہیں۔ سندھ سے حفیظ اے پاشا ہیں۔ شریف الدین پیرزادہ صاحب سندھ سے ہیں۔ واجد جرال صاحب سندھ سے ہیں۔ کرم علی شاہ صاحب ناردرن ایریا سے ہیں۔

**جناب چیئرمین** : رحمان شاہ صاحب کے متعلق۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو** : یہ دس نمبر پر ہیں۔

**جناب چیئرمین** : اگلا سوال۔ اعتزاز احسن صاحب! آخری سوال۔

**چوہدری اعتزاز احسن** : جناب! میں پہلے وزیر صاحب کی توجہ چند مخصوص ناموں کی طرف مبذول کرواؤں گا۔ اگر میرے ساتھ ساتھ یہ بھی ان کے نام دیکھیں تو پہلا ہے جناب اسد علی خان جونیجو صاحب، صفحہ ۶ نمبر ۵۔ اس کے بعد نمبر ۶ صفحہ پر انور زاہد صاحب مرحوم، پھر

تیسرے صاحب ہیں اسی صفحہ پر حفیظ پاشا۔ اگلے صفحے پر چلیے ' چار نام ہیں ایک صفحے پر ' صفحہ نمبر ۷ پر پہلا نام ہے سینیٹر سرانجام خان۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو** : اگر ایک دفعہ پھر پڑھ دیں۔

**چوہدری اعتزاز احسن** : صفحہ ۶ پر دیکھیں ' اسد علی خان جونیجو صاحب' انور زاہد صاحب' ڈاکٹر حفیظ پاشا صاحب۔ اگلے صفحے پر آپ دیکھیں' سینیٹر سرانجام خان صاحب' سید فضل آغا صاحب' رانا نذیر احمد خان صاحب اور پھر اس کے آگے' آپ ان میں سے بتا دیجیئے باقی میں چھوڑتا ہوں' لیکن ان میں سے آپ ایک ایک کے مخصوص فرائض بتا دیجیئے ' وہ تنخواہ لے رہے ہیں ' کون سے فرائض ان کو مخصوص کئے گئے ہیں۔ جس طرح ہر ایک کا دیا ہوا ہے ' مثال کے طور پر آپ کسی کا نام لے لیں ' کوئی چیئرمین پرائم منسٹر کمیشن ہے' کوئی چیئرمین پرائیویٹائزیشن کمیشن ہے' کوئی اٹارنی جنرل ہے ' یہ جو میں نے آپ کو سات نام دیئے ہیں ان کے کوئی فرائض مخصوص' مختص نہیں کئے گئے۔ کیا یہ صرف بیٹھ کر مکھیاں مار کے اور تنخواہ لیتے ہیں یا یہ مسلم لیگ کے عہدوں پر ہیں چونکہ۔

(مداخلت)

**چوہدری اعتزاز احسن** : جناب! سوال میں کر رہا ہوں کہ جاوید ہاشمی صاحب کر رہے ہیں۔

**مخدوم محمد جاوید ہاشمی** : میں وٹو صاحب سے بات کر رہا ہوں۔

**چوہدری اعتزاز احسن** : جاوید ہاشمی صاحب آپ نیشنل اسمبلی میں نہیں بیٹھے ہوئے' آپ یہاں سینیٹ میں تشریف فرما ہیں' رونق افروز ہیں' خدا کے واسطے یہاں کے اصولوں کا تھوڑا سا خیال رکھیں۔ میں پورے انہماک سے جناب وٹو صاحب کی توجہ کا خواستگار ہوں' درخواست کرتا ہوں' وہ براہ کرم اپنی پوری توجہ اس طرف دیں۔ آپ جاوید ہاشمی صاحب کی جانب توجہ نہ دیں۔ آپ بعد میں ان سے گفتگو کر لیں۔ یہ سات نام ہیں' ایک ایک کا please کام بتائیں' آپ بتائیں انہوں نے کتنی تنخواہیں لی ہیں' کتنے کام کئے ہیں' کتنی فائلوں پر آرڈر کئے ہیں' جب سے یہ appoint ہوئے ہیں as Ministers انہوں نے کیا کیا کام کئے ہیں یا صرف پارٹی ورک کیا ہے' جیسے سرانجام صاحب سیکرٹری جنرل پاکستان مسلم لیگ ہیں' تنخواہ وہ لے رہے ہیں ہماری سرکار

سے' tax payers' money سے۔ براہ مہربانی ہر ایک کے فرائض منصبی کا جائیں۔

Mr. Chairman: Minister for Parliamentary Affairs.

**میاں محمد یٰسین خان وٹو**: جناب! یہاں ایک جھگڑے کی صورت پیدا ہو رہی ہے۔ عرض یہ ہے کہ کسی بھی پارلیمانی نظام میں یا جہاں پر بھی وزراء یا ایڈوائزر مقرر کئے جاتے ہیں یہ ضروری نہیں ہے کہ ان کے کام کا تعین بھی ہر قیمت پر کیا جائے۔

(مداخلت)

**جناب چیئرمین**: وٹو صاحب فرمائیں۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو**: جناب منسٹر without portfolio کا concept ساری دنیا میں ہے۔ Minister without portfolio ہمارے ملک میں کئی دفعہ appoint کئے گئے ہیں۔ اسی طرح یہ ایڈوائزرز جو ہیں ان کے سپرد کام ہوتا ہے۔ پرائم منسٹر صاحب کو ہر وقت اختیار ہے کہ وہ کسی بھی محکمے سے متعلق کام ان کے سپرد کر دیتے ہیں۔ وہ جو کام مناسب سمجھتے ہیں ان کے سپرد کرتے ہیں۔ ان کی خدمات ہر وقت پرائم منسٹر کے لئے وقف ہیں اور وہ پرائم منسٹر کے حکم کے مطابق کام کرتے ہیں۔

**جناب چیئرمین**: اگلا سوال ۵۶ ڈاکٹر حئی صاحب۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ**: جناب پہلے ان Advisers کا جو خرچ ہے وہ تو ملک کے عوام کو بتائیں کہ ایک سال میں ان کا کتنا خرچہ ہے؟

**جناب چیئرمین**: اب آپ نمبر ۵۶ پر آ جائیں کیونکہ اتنا وقت ہو گیا ہے اب آگے چلیں۔ آپ کا سوال ہے۔

**جناب حسین شاہ راشدی**: جناب Adviser without Portfolio تو صرف یہاں ہی سنا ہے ہم نے۔

56. *Dr. Abdul Hayee Baloch: Will the Minister for Information and Media Development be pleased to state whether the services of any APP reporter, who had resigned earlier, were reinstated after February 17, 1997?

**Mr. Mushahid Hussain Sayed:** None of the reporters of APP resigned or was reinstated after 17-02-1997.

**Mr. Chairman:** Answer is taken as read, supplementary question.

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ:** میرا وزیر موصوف سے سوال یہ ہے کہ میری معلومات کے مطابق کچھ لوگ نکالے گئے تھے یا جن لوگوں نے استعفیٰ دیا تھا' ان میں سے کچھ reinstate ہو گئے ہیں۔ جواب میں یہ دیا گیا ہے کہ کوئی reinstate نہیں ہوئے۔ وزیرصاحب اس چیز کی وضاحت کریں کہ جن لوگوں نے resign کیا تھا ان میں سے کیا واقعی کچھ لوگ لئے گئے ہیں یا نہیں۔ کیا مستقبل میں کوئی پروگرام ہے ان کو واپس لینے کا؟

**Mr. Chairman:** Yes, Minister for Information.

**جناب مشاہدحسین سید:** سوال یہ تھا کہ جن لوگوں نے استعفیٰ دیا تھا ' وہ 17 فروری سے پہلے دیا تھا۔ مسلم لیگ دور میں اے پی پی سے کسی بندے کو نہیں نکالا گیا۔ Interim Government تھی معراج خالد صاحب اور فاروق لغاری کی' اس دوران 128 لوگ نکالے گئے تھے جو پیپلز پارٹی دور میں آئے تھے۔ ان میں سے پچھلے ہفتے 31 تاریخ کو پانچ لوگ جو اے پی پی فیصل آباد آفس کے تھے ' ان کو Federal Services Tribunal نے reinstate کیا ہے لیکن جو ان کا سوال ہے کہ جنہوں نے استعفیٰ دیا تھا' ان میں سے 17 فروری کے بعد کوئی لیا گیا ہے' تو اس کا جواب وہی ہے جو لکھا گیا ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی جناب زاہد خان صاحب۔

**جناب محمد زاہد خان:** جناب والا! میں معزز وزیر سے چھوٹا سا سوال پوچھنا چاہوں گا' اگر یہ تفصیل سے جواب دے سکیں۔یہ بتائیں کہ انفارمیشن منسٹر بھی لاہور سے ہیں' پی ٹی وی کے چیئرمین بھی لاہور سے ہیں' ایم ڈی ' پی ٹی وی بھی لاہور سے ہیں۔ اس کی کوئی خاص وجہ ہے یا آپ لاہوریوں کا تجربہ بہت زیادہ ہے۔

**جناب مشاہدحسین سید:** ویسے تو اس سوال کا سابقہ سوال سے تعلق نہیں ہے لیکن ان کے سوال کا جواب یہ ہے کہ

appointments to professional positions are made without reference to any ethnic or provincial affiliation, they are based on professional basis.

جناب چیئرمین: ڈاکٹر حئی صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ : جناب والا! وزیر موصوف سے سوال یہ ہے کہ اے پی پی کے ادارے کے بارے میں گورنمنٹ کچھ طے نہیں کرتی ہے۔ ہم آزادی صحافت اور انفارمیشن کی آزادی، قلم، تحریر اور ہر چیز کی آزادی پریقین رکھتے ہیں، یہ مجھے بتائیں گے کہ وہ جمہوری حکومت ہونے کے باوجود اے پی پی کو کیوں ابھی تک حکومت کی مرضی اور منشا کے مطابق چلاتے ہیں حالانکہ یہ کہتے ہیں کہ وہ نیم خودمختار ادارہ ہے۔ یہ وضاحت کریں گے کہ یہ ان کی پالیسی کی نفی نہیں ہے کہ ایک طرف تو آزادی صحافت کی بات کرتے ہیں اور دوسری طرف اے پی پی میں کام کرنے والے صحافی حضرات کو یہ اپنے ملازم کے طور پر treat کرتے ہیں اور ان کی آزادی کو ہڑپ کرتے ہیں۔

**Ch. Shujaat Hussain:** The action against the allottees/shopkeepers for opening of doors at the rear side towards the residences in Sector I-8/1 are already taken and notices under Section 49-C issued for the removal of violations. On no response Challans under Section 46, 46-A and 46-B are issued in the court of Senior Civil Magistrate, CDA. If further, the violations are not removed, final notices are issuand action is taken for the demolishing/removal of violations after obtaining the approval of competent authority with the coordination of Enforcement Dte. and Directorate of Municipal Administration, CDA. This process is still going on from case to case.

75. ***Mr. Hussain Shah Rashdi:** Will the Minister for Interior, Narcotics Control and Capital Administration and Development be pleased to state whether it is a fact that a number of shopkeepers of I-8/1, Market, Islamabad, have set up their business in corridors and out side of their shops especially in the morning and evening timings, if so, the action taken against them?

**Ch. Shujaat Hussain:** Dte. of Municipal Admn., Capital Development Authority has been making efforts to remove encroachments of shops located at Sector I-8/1. In the recent past, a major removal operation has been conducted through which not only such encroachments have been removed but also their material/items have been confiscated. They have also been challaned under the relevant Clauses of Municipal Bye-laws. Regular checks are also being undertaken to stop encroachments.

76. ***Mr. Hussain Shah Rashdi:** Will the Minister for Interior, Narcotics Control and Capital Administration and Development be pleased to

state whether it is a fact that the owners of restaurants and sweet shops of I-8/1, market, Islamabad have dumped their garbage in the mearby drain holes which cause disease and inconvenience to the residents of the area, if so, the action taken/proposed to be taken in this regard?

**Ch. Shujaat Hussain:** It is not correct that garbage is dumped in drain holes. The situation which was observed was that the owners of restaurants and sweet shops I/8-1, sector Islamabad market are in habit to throw/put water used for washing of thier utensils in the drain holes for which they have been served with notices/challans under Municipal Bye-Laws and up keep of cleanliness Regulation 1979. However, Sanitation cleaners clean and collect the refuse from the area regularly.

77. ***Syed Muhammad Jawad Hadi:** Will the Minister for Information and Media Development be pleased to state:-

(a) whether it is a fact that only the programmes of PTV-World are being telecast from Parachinar PTV booster; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to telecast the programmes of PTV-I from the said, booster?

**Mr. Mushahid Hussain Sayed:** (a) Yes, it is a fact that the only programmes of PTV World are being telecast from PTV booster at Parachinar.

(b) Yes, there is proposal to telecast PTV-I Programmes from Parachinar. PTV has signed an agreement with Thaicom and hopefully from 15 October, 1999 PTV shall be able to link Parachinar with PTV-I programmes.

## Points of Order

**جناب چیئرمین :** جی جناب اعتزاز احسن صاحب۔

**چوہدری اعتزاز احسن :** جناب چیئرمین! میں نے یہاں پر ایک مسئلہ اٹھایا تھا اور آپ نے اس پر observation بھی فرمائی تھی۔ میں صرف یاد دہانی کے طور پر عرض کر رہا ہوں کہ احتساب بیورو والے کرکٹرز کو بلاکر ان کو humiliate کر رہے ہیں۔ اب سنا ہے کہ انہوں نے President صاحب کو کوئی رپورٹ دے دی ہے۔ میرا موقف یہ ہے اور میں نے آپ کے سامنے عرض کیا تھا کہ سب ultra vires ہے۔ یہ ان کو اختیار نہیں ہے۔ وہ بیچارے کیا کریں۔ ایک اتنی terrorise کرنے والی organization بلا ہی لے تو وہ تو چلے جائیں گے۔ وہ رٹ میں نہیں گئے۔ ہم نے بھی تو دیکھنا ہے کہ اس ملک میں کیا ہو رہا ہے؟ کیا ان کا اختیار ہے یا نہیں ہے؟ میں نے قانون کا حوالہ بھی دیا تھا۔ آپ نے غالباً فرمایا تھا کہ اس پر کوئی قانونی جواب آئے گا۔ شاید آپ کا اشارہ خالد انور صاحب کی جانب تھا۔ ہمیں آپ نے satisfy کرنا تھا کہ احتساب بیورو کا وسیم اکرم، اعجاز احمد، سلیم ملک اور دیگر کرکٹرز پر کیا اختیار ہے کہ وہ ان کو بلاکر ۱۰، ۱۰ گھنٹے باہر بٹھا کر رکھے؟ سوال بھی کریں پھر اخبارات کو بھی بتائے کہ کس طرح وہ humiliate ہوئے ہیں۔ یہ کھیلنے والے لڑکے، جوان جو بہرحال آخری میچ ہار گئے، پر ان کی بڑی اچھی کارکردگی ہے، جو کہ بہت اچھا کھیلے ہیں۔ ان کو humiliate کرنے کا کیا اختیار ہے؟ کب وہ جواب دیں گے؟

**جناب چیئرمین :** مشاہد صاحب! Law Minister کو کہیں کہ وہ اس کو examine کریں اور پھر اس کا کوئی مناسب جواب دیں۔ جی ڈاکٹر حئی صاحب۔

## Re: P.I.A. Affairs in Balochistan

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ :** جناب چیئرمین! میرا پوائنٹ آف آرڈر PIA سے متعلق ہے۔ چونکہ خاقان عباسی صاحب بھی تشریف فرما ہیں اس لئے میں چاہتا ہوں کہ ان کی موجودگی میں بات کر لوں تاکہ وہ ہمیں مطمئن کریں۔ جناب چیئرمین صاحب! PIA نے کوئٹہ کے لئے جس شیڈول کا ابھی اعلان کیا ہے، وہ ہمارے لئے سب سے زیادہ تکلیف کا باعث ہے۔ آپ یقین کریں ہمارے پاس کوئٹہ میں ایک چھوٹا سا 737 جہاز ہے، جو وہ چلاتے ہیں، جس میں کل ۸۸ سیٹیں ہوتی ہیں۔

**جناب چیئرمین:** نہیں، 737 میں بہت زیادہ سیٹیں ہوتی ہیں۔

**ڈاکٹر عبدالحیٔ بلوچ:** نہیں، چیئرمین صاحب! میں نے PIA والوں سے پوچھا ہے۔ ۸۸ اکانومی کی سیٹیں ہوتی ہیں باقی Executive وغیرہ کی سب ملا کر کوئی ۱۰۰ کے قریب بنتی ہیں۔

---

(اس موقع پر جناب پریذائیڈنگ آفیسر (چوہدری محمد انور بھنڈر) کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

**ڈاکٹر عبدالحیٔ بلوچ:** جناب چیئرمین! اس وقت جو لوگ کوئٹہ سے کراچی یا کوئٹہ سے اسلام آباد یا کوئٹہ سے لاہور جاتے ہیں، وہ بہت مشکلات سے دو چار ہیں۔ یہ پہلی دفعہ ہے جو انہوں نے جہاز تبدیل کیا ہے۔ ویسے بھی ہم لوگ پہلے سے تکلیف میں تھے لیکن پہلے ایسا نہیں تھا۔ پہلے بڑا جہاز Air bus چلتا تھا۔ یہ چھوٹا جہاز انہوں نے چلا کر ہمارے لئے مشکلات پیدا کی ہیں۔ جیساکہ میں نے عرض کیا کہ اس میں سیٹیں کم ہوتی ہیں چنانچہ ۱۰، ۱۰ دن لوگ بکنگ کے لئے انتظار کرتے ہیں۔ بہت دفعہ ایسے بھی ہوا ہے کہ جن کی سیٹیں کنفرم تھیں ان کو بھی deseat کیا گیا۔ اکثر اوقات ایسے لوگ بھی ہوتے ہیں جوکہ مجبوری کے تحت، کوئی حادثہ ہو جائے یا اموات کی صورت میں PIA سے جانا چاہتے ہیں۔ میں یقین سے کہہ رہا ہوں کہ میں نے خود اپنی آنکھوں سے لوگوں کو ائرپورٹ پر روتے ہوئے دیکھا ہے کہ ان کو سیٹ نہیں مل رہی ہے۔ ہم حیران ہیں کہ ایک تو ہمارے لئے سب سے بڑی مشکل یہ ہے کہ کوئی جہاز براہ راست کوئٹہ سے اسلام آباد منسلک نہیں کیا گیا ہے۔ ہم عوامی نمائندے، سرکاری افسران یا کاروباری لوگ کوئٹہ سے صبح سویرے اسلام آباد نہیں پہنچ سکتے تاکہ ہم دفتروں میں اپنا کام کر کے شام کو دوبارہ کوئٹہ واپس چلے جائیں۔ جو سہولت لاہور کے لئے ہے، جو سہولت کراچی اور پشاور کے لئے ہے وہ کوئٹہ کو نہیں ہے۔ ایک میٹنگ کے لئے ہمارے کئی دن لگ جاتے ہیں۔ ہمارا ایک دن آنے میں، ایک دن میٹنگ کے لئے اور پھر تیسرا دن واپسی کے لئے لگ جاتا ہے۔ کوئٹہ سے جو کسی کام سے آتا ہے تو اس کے ۳ دن لگ جاتے ہیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** ڈاکٹر صاحب! میں عرض کروں کہ یہ بہت لمبا مسئلہ ہے لیکن سوال یہ ہے کہ جتنا آپ مختصر کریں گے جواب زیادہ آ سکیں گے۔

**ڈاکٹر عبد الحیٔ بلوچ:** میں اور مختصر کرتا ہوں۔ جناب! میں مختصر ہی کر رہا ہوں۔

ہمیں تکلیف ہے اس لئے جناب والا! اس کا احساس دلانا چاہتا ہوں - پورے پاکستان میں اگر کہیں جہاز خراب ہو تو بلوچستان فلائٹ cancel ہو جاتی ہے۔ اگر بین الاقوامی طور پر کہیں جہاز خراب ہو تو اس کی وجہ سے بھی ہماری فلائٹ cancel ہو جاتی ہے۔ چیئرمین صاحب! یہ ہماری تکالیف ہیں ، آپ ان کو سنیں۔ دوسرے میں آپ سے عرض کروں جناب چیئرمین صاحب! کہ 40% discount سٹوڈنٹس اور بوڑھے لوگوں . کو ملتا ہے کراچی - اسلام آباد ، کراچی - لاہور، لاہور۔ اسلام آباد مگر نہیں ملتا ہے تو صرف پختون خواہ صوبے اور بلوچستان کو - یہ کہاں کا انصاف ہے۔

تیسرے یہ کہ Makran Division میں کرائے بڑھتے جا رہے ہیں۔ روز بروز کرایوں میں اضافہ ہو رہا ہے حالانکہ ادھر روڈ نہیں ہے۔ PIA کی service اس لئے شروع کی گئی تھی کہ لوگوں کو چونکہ روڈز میسر نہیں ، سڑکیں نہیں ہیں۔ نہ گوادر، رتو ڈیرو روڈ ہے، نہ مند۔ تربت - کراچی روڈ ہے۔ ہمارے پاس روڈز نہیں ہیں، ایک بھی نہیں ہے۔ نہ پجگنی اور گوادر، جسے ہم coastal road کہتے ہیں، نہ کراچی روڈ ہے تو بیمار اور دوسرے لوگ مجبوراً PIA سے سفر کرتے ہیں۔ پھر ہم بلوچ لوگ ہیں۔ ایک آدمی اگر بیمار ہوتا ہے تو اس کے ساتھ چار لوگ اور سفر کرتے ہیں۔ بیچارے سادے لوگ ہیں۔ جہاز کے کرائے بڑھ رہے ہیں۔ کوئی وجہ نہیں ہے - Rapidly کرائے Makran Division میں بڑھے ہیں۔ ملک کے کسی شہر کے لئے اتنے کرائے rapidly نہیں بڑھے۔ وزیر صاحب نے کہا تھا کہ ہم کارگو چلائیں گے۔ فروٹ کے لئے بھی کارگو نہیں ہے۔

Mr. Presiding Officer: Mr. Khuda-e-Noor now.

جناب خدائے نور - شکریہ۔ جیسے ڈاکٹر حئی صاحب نے کہا ، یہ شکایت ہم بلوچستان والوں کو ہے۔ بلکہ میں اس میں اضافہ کروں گا ، عباسی صاحب تشریف فرما ہیں ، پہلے بدھ کو اور اب جمعرات کو کوئٹہ کا رابطہ یہاں اسلام آباد سے ہوتا ہی نہیں ہے۔ وہ جہاز کینسل ہے ، ایک دن کے لئے فلائٹ ہوتی ہی نہیں ہے۔ جیسے انہوں نے کہا کہ پہلے air bus آیا کرتی تھی تو وہاں seats مل جاتی تھیں۔ اب وہ بھی ختم کردی گئی ہے اور جیسے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے لئے کوئی فلائٹ نہیں۔ آپ وہاں announcement سنیں گے کہ کراچی جاتے ہوئے ہم

کوئٹہ میں رکیں گے، تو کوئٹہ کے لئے کوئی فلائٹ نہیں ہے۔

تیسری بات یہ ہے کہ اس سے پہلے شاید مسلم لیگ کے دور میں تھا یا اس سے پہلے تھا کہ اگر اسلام آباد کی فلائٹ نہیں ہوتی تھی تو جو کرایہ کوئٹہ ۔ اسلام آباد کے لئے تھا، وہی via Lahore-Islamabad کے لئے ہوا کرتا تھا لیکن اب ایسے نہیں ہے۔ اب لاہور کے لئے علیحدہ کرایہ ہے ،لاہور سے اسلام آباد کے لئے علیحدہ کرایہ ہے۔ یہ بلوچستان ، خاص طور پر کوئٹہ کے لوگوں کے لئے سود مند نہیں۔ میں ان سے یہ گزارش کروں گا کہ کیا وجہ ہے، کیوں بلوچستان کے ساتھ ، کوئٹہ کے ساتھ ایسا سلوک کیا جاتا ہے۔ حئی صاحب نے بالکل صحیح کہا کہ اگر کہیں جہاز فنی خرابی کی وجہ سے خراب ہوتا ہے تو اس کا اثر کوئٹہ پر پڑتا ہے۔ جی فنی خرابی کی وجہ سے کوئٹہ سے فلائٹ نہیں ہوتی۔ میری عباسی صاحب سے یہ گزارش ہے کہ وہ اس پر توجہ دیں اور کوئٹہ کے لئے ایک علیحدہ فلائٹ چلائیں ، اور اگر نہیں ہے تو کم از کم 737 کو ہٹا کر air bus چلائیں، اس سے بھی وہاں کی ضروریات پوری ہو جائیں گی۔ جس دن نہیں ہے ، جمعرات کو نہیں ہے تو وہی طریقہ جو آپ کا پہلے تھا کہ اسی کرائے پر via Lahore ان کو یہاں لایا جائے۔ جناب والا! یہ میری گزارش ہے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ ڈاکٹر صاحب! اگر کوئی نئی بات ہے ، جو باتیں حئی صاحب نے کہیں یا جو باتیں خدائے نور صاحب نے کی ہیں، اسی ضمن میں نئی بات ہے۔ چلیئے۔

**ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی**۔ جی ہاں۔ جناب چیئرمین! چونکہ I belong to Makran اور خاص طور پر ڈاکٹر حئی اس علاقے سے تعلق رکھتے ہیں لیکن میں مکران سے تعلق رکھتا ہوں۔ میں نے کئی دفعہ چیئرمین صاحب کو کہا ہے کہ وہاں جہازوں کی یہ position ہے کہ ہر جہاز میں دس آدمی ہیں یا پانچ ہیں یا تین ہیں یا پندرہ ہیں۔ تمام کی تمام سیٹیں خالی آرہی ہیں۔ میں نے ان سے request کی ہے کہ جو کرایہ ہے from Turbat to Quetta which is Rs. 207 وہاں کے غریب لوگ اسے کہاں برداشت کر سکتے ہیں۔ اس پر آج میرا سوال بھی تھا۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ہم جلدی notification کریں گے اور ان کو کم کریں گے ۔ میں چیئرمین صاحب سے یہ کہتا ہوں کہ بار بار کہنے کے باوجود بھی مکران سے کراچی، کوئٹہ کے کرائے ابھی تک کم نہیں ہوئے۔ یہ ہمارے ساتھ زیادتی ہے ۔ جناب روٹ کی پوزیشن یہ ہے کہ کراچی سے مند

تک کوئی سفر کرے تو ایک ہفتہ کے لئے آنے والا مہمان ایک سال تک رہتا ہے۔ہماری آواز کو یہاں کوئی سننے کو تیار نہیں ہے۔ ایک سال اس کے notification میں لگ گیا ہے۔ چونکہ میں اس علاقے سے تعلق رکھتا ہوں، اس لئے میں ٹوکن واک آؤٹ کرتا ہوں۔

(اس موقع پر سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی صاحب ہاؤس سے ٹوکن واک آؤٹ کر گئے۔)

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ** - جناب! میں ایک بات بھول گیا، آپ کے توسط سے عرض کرتا ہوں کہ لاہور سے ہفتے میں ---

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر**۔ یہ بھول بھی بہت لمبی ہو گی۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ**۔ لمبی نہیں جناب۔ ابھی صرف تین flights ہیں۔ اسلام آباد سے ہمارا تعلق ہے، کراچی سے ہے، آخر ہم کہاں جائیں۔وہاں تین flights ہیں، جیسے پہلے تھیں ویسے ہی چلائیں یعنی لاہور کے لئے ہفتے میں 6 یا 7 flights ہوں۔

**جناب بشیر احمد مٹہ** - جناب وزیر صاحب آپ آرام سے بیٹھے ہوئے ہیں۔ بلیدی صاحب کو لائیے۔ وہ واک آؤٹ کر گئے ہیں۔ ان کو لائیے۔ آپ کے ممبر ہیں آپ اتنی پرواہ نہیں کرتے۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو**۔ انہوں نے ٹوکن واک آؤٹ کیا ہے۔

(اس موقع پر یٰسین وٹو صاحب جناب اسمٰعیل بلیدی صاحب کو ہاؤس میں لے آئے۔)

**Mr. Bashir Ahmed Matta:** Well done, well done.

**Mr. Presiding Officer:** Yes please.

**جناب شاہد خاقان عباسی**۔ جناب! میں نے ہمیشہ محترم سینیٹر حضرات سے گزارش کی ہے کہ جو بھی مشکلات ہوں وہ ہمیں لکھ کر دیں کیونکہ مختلف حضرات کی مختلف ضروریات ہیں - وہ اس کے مطابق بات کریں گے۔ اس حکومت نے جتنا بلوچستان میں air network کو بڑھایا ہے اور flights کو add کیا، یہ اس سے پہلے ماضی میں کبھی نہیں ہوا تھا - میں سمجھتا ہوں کہ اس کا اعتراف یہ تمام حضرات بھی کریں گے۔ کچھ کی ضرور ہے تو میری ان سے گزارش ہے کہ جو ضروریات یہ سمجھتے ہیں اگر ہمیں لکھ کر دے دیں تو ہم اس کو accommodate کر لیں

گے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** ویسے عباسی صاحب میں ایک عرض کروں کہ جہاں تک پارلیمنٹ کی روایات کا تعلق ہے ' اگر کوئی معاملہ پارلیمنٹ کے floor پر اٹھتا ہے تو وہ آپ کا اور آپ کے محکمے کا فرض ہے کہ نوٹ کرے نہ کہ یہ ممبر صاحبان لکھ کر دیں۔

(اس موقع پر اپوزیشن نے ڈیسک بجائے)

Mr. Bashir Ahmed Matta: Well done, well done.

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** یہ الگ بات ہے کہ میں بحیثیت سینیٹر آپ کو out side the House کوئی representation کروں لیکن جہاں تک ان باتوں کا تعلق ہے جو کہ ہاؤس میں ہوتی ہیں تو وہ محکموں اور ministries کا فرض ہے کہ وہ اس کا نوٹس لیں ' آپ کے نوٹس میں لائیں اور منسٹر صاحبان کے نوٹس میں لائیں۔

**جناب شاہد خاقان عباسی۔** آپ اگر ہاؤس کا ریکارڈ دیکھ لیں تو مختلف اوقات میں مختلف باتیں سامنے آتی ہیں' کچھ ہم پوری کر دیتے ہیں اور کچھ ہم پوری نہیں کر پاتے ۔ اب یہ کرائے کی بات ہے ' میں نے پہلے بھی گزارش کی تھی کہ PIA commercially operate کرتا ہے اور اسے subsidy نہیں ملتی۔ اس لئے کرائے operational ضروریات کو پورا کرنے کے لئے کم نہیں ہو سکتے۔ PIA آج بھی مکران Coastal area میں 25,20 کروڑ روپے کا loss ہر سال لیتا ہے' تو کرائے اس سے کم نہیں ہو پائیں گے ۔ مقامی لوگوں کے لئے سہولت مہیا کرنے کی کوشش ہم کر رہے ہیں کہ صرف ان کے لئے کرائے کم کئے جائیں۔ جہاں تک network کی بات ہے ' ہم نے پشاور کی flights add کیں ' تربت میں آج ہفتے کی 35 flights operate ہوتی ہیں۔ جتنا PIA کا intensive operation بلوچستان میں ہے وہ پورے پاکستان میں نہیں ہے۔ یہ بات آپ کو کوئی نہیں بتائے گا۔ جناب گزارش یہ ہے کہ جو کمی ہے وہ محکمے نے بھی نوٹ کر لی ہو گی اور انشاء اللہ ہم اس کو پورا کر دیں گے لیکن میری ان سے گزارش ہے کہ ضروریات بدلتی رہتی ہیں' چھٹیوں میں کچھ اور ہوتی ہیں ' باقی سال میں کچھ اور ہوتی ہیں چنانچہ جو بھی یہ ضرورت سمجھیں ہمیں لکھ کر بھیج دیں۔ سینٹ کی ڈیفنس کمیٹی ہمیشہ ہمارے پاس آتی ہے' یہ اس میں بھی اگر لکھ کر بھیج دیں تو ہم انشاء اللہ اس کمی کو پورا کر دیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جی عبدالحئی بلوچ صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب ہم نے تین چار باتیں کی ہیں۔ ایک تو یہ ہے کہ پہلے air bus چلتی تھی' یہ جو 737 کا عذاب ہے اس سے ہماری جان چھڑائی جائے۔ مسافر بہت ہیں۔ وہ بیچارے وہاں دس دس دن انتظار کرتے ہیں اور جو PIA کا عملہ ہے۔۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ یہ بات پہلے ہو چکی ہے اس کا جواب دے دیں۔

جناب شاہد خاقان عباسی ۔ یہ جو air bus کی بات کر رہے ہیں ' میری آپ سے گزارش ہے کہ کم از کم کمپنی کو فیصلہ کرنے دیں ' جو ڈیمانڈ ہو گی اس کے مطابق ہی جہاز چلیں گے۔ آپکی non professional demand پر ہم جہاز نہیں چلا سکتے۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ ۔ اچھا یہ 40% جو باقیوں کو discount ملتا ہے یہ صوبہ بلوچستان اور پختونخواہ کو کیوں نہیں ملتا؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ جی ہاں discount کا مسئلہ انہوں نے اٹھایا تھا۔ عباسی صاحب جواب دیں۔

جناب شاہد خاقان عباسی: جناب! کچھ ہمارے competitive routes ہیں کچھ non-competitive ہیں competitive routes پر چونکہ ہمیں دوسری air lines سے competition ہے تو وہاں پر کچھ advance fares ہم نے float کئے ہیں۔ اگر آپ ایک دو ہفتے پہلے ٹکٹ لے لیں تو اس میں کچھ رعایت مل جاتی ہے ۔ یہی fares دوسری air lines بھی پاکستان میں offer کر رہی ہیں۔ تو یہ competition جیسے میں نے پہلے گزارش کی ہے کہ کرنا پڑتا ہے۔ انشاء اللہ ہم یہی fares دوسرے صوبوں میں بھی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جمعرات والی بات۔

جناب شاہد خاقان عباسی۔ جمعرات کو پہلے ایک flight ہوا کرتی تھی جس کو بدھ کے لئے shift کر دیا گیا ۔ پہلے بدھ کی demand تھی کہ بدھ کے دن flight ہونی چاہئیے۔ جمعرات کی flight پر demand کم تھی جس کو بدھ میں shift کر دیا گیا۔ اگر یہ سمجھتے ہیں کہ demand ہے تو ہم اس کو پھر جمعرات کو کر دیتے ہیں۔

**جناب خدائے نور:** عباسی صاحب بالکل demand ہے۔ آپ خود جا کر دیکھ لیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** وہ جمعرات کی بات ہوگئی ہے۔ یہ ایک point of order تو نہیں بنتا۔ جی زاہد خان صاحب۔

**جناب محمد زاہد خان:** شکریہ۔ جناب چیئرمین صاحب! میرا جو point of order ہے وہ مالیاتی اداروں کے متعلق ہے، جو قومیائے گئے بنک ہیں اس میں یونائیٹڈ بنک کے ملازمین کے لئے تنخواہ میں اضافہ نہیں کیا گیا۔ باقی تین بنکوں کے ملازمین کی تنخواہ بڑھا دی گئی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ UBL خسارے میں جا رہا ہے۔ اخبارات کے زریعے یہ بات سامنے آئی ہے کہ اس نے اپنا خسارہ پورا کر دیا ہے لیکن ان ملازمین کے ساتھ کیوں ناانصافی کی جا رہی ہے؟ جب میاں محمد نواز شریف وزیراعظم پاکستان بنے تو انہوں نے ٹی وی پر آ کر قوم کے ساتھ ایک وعدہ کیا تھا۔ پہلا وعدہ جو میرے خیال میں بہت بڑا فراڈ اس قوم کے ساتھ کیا کیونکہ اس قوم نے ان کو بھاری مینڈیٹ دیا تھا جس کی وجہ سے وہ وزیراعظم بنے۔ انہوں نے ٹی وی پر آ کر اس مینڈیٹ کے against اس قوم کو اتنا دھوکہ دیا کہ آج تک اس پر عمل نہیں ہوسکا کیونکہ میرے پاس جو اطلاع ہے انہوں نے کہا تھا کہ میرے اوپر یا میرے خاندان کے اوپر جو loaning ہے وہ میرے فلاں فلاں یونٹس کو فروخت کرکے بنکوں کو واپس کیا جائے۔ آپ اگر چاہتے ہیں تو میں وہ جو BBC والوں نے ریکارڈ کیا ہوا ہے، وہ دکھا سکتا ہوں۔

Mr. Presiding Officer: No crossing of the line please.

**جناب محمد زاہد خان:** وہ میرے پاس موجود ہے۔ کوٹ لکھپت کے قریب جو یونٹس بتائے تھے وہاں صرف اور صرف چار دیواری ہے یا وہاں سکریپ موجود ہے otherwise وہاں پر ایسی کوئی چیز نہیں ہے جس سے ان کے اوپر جو 900 کروڑ روپے قرضہ ہے، وہ ادا ہو سکے۔ انہوں نے عوام کے ساتھ وعدہ کیا۔ اس عوام کے ساتھ جس نے اس کے اوپر اعتماد کیا، اعتماد کے بل بوتے پر اسے کرسی پر بٹھا دیا اور اس نے اسی کرسی سے ٹی وی پر آ کر اس قوم کو دھوکہ دیا، جھوٹ بولا۔ آج جو مالیاتی ادارے خسارے میں ہیں اس کی وجہ ہی یہ ہے کہ جو قرضے لئے تھے وہ واپس نہیں کئے گئے۔ مجھے یہ بتا دیا جائے کہ کیا وہ یونٹس بک گئے اور اگر بک گئے ہیں تو ان سے کتنا پیسہ آیا جو قومی خزانے میں جمع کیا گیا تاکہ وہ جو قوم کے ساتھ وعدہ کیا گیا تھا، جو

قوم کے ساتھ فراڈ کیا گیا تھا وہ واقعی فراڈ تھا یا حقیقت تھی۔

جناب! آپ دیکھیں کہ یہ جس سے بات کرتے ہیں تو ایک قدم آگے جاتے ہیں اور دس قدم پیچھے بھاگ جاتے ہیں ۔ کارگل کو دیکھو، کوئی بھی مسئلہ دیکھو۔ آپ نے اعلان کیا پیسے دینے کے لئے قوم کو اور بعد میں پوچھا بھی نہیں ۔ اب یہ بتایا جائے کہ یہ قوم کے ساتھ کب تک فراڈ کیا جائے گا؟ اس کی سزا قوم کو کیوں دی جاتی ہے؟ ایڈوائزر مقرر کئے۔ کہتے ہیں ان کو کچھ نہیں دیتے ۔ ان کو تنخواہیں مل رہی ہیں۔ ان کو وہ سہولیات مل رہی ہیں جو وزراء کو مل رہی ہیں لیکن یہ کہتے ہیں کہ اس سے ہمارے اوپر یا قوم کے اوپر کوئی بوجھ نہیں پڑتا۔ ظاہر ہے کہ ان کی جیبیں تو بھری جا رہی ہیں، جو لٹ گیا اس کو اور لوٹا جا رہا ہے۔ یہاں احتساب بیورو بنایا گیا ہے۔ اگر ان کے اوپر نوٹس آتا ہے تو پھر بنک کے صدر کو بلایا جاتا ہے۔ اس کو کہتے ہیں کہ آپ نے کیوں یہ بھیجا ہے ۔ اس کے بعد اس کو کہتے ہیں کہ آپ یہ بات مانیں نہیں تو میں آپ کو اندر کردیتا ہوں۔ یہ عجیب سا اتفاق ہے، اس قوم کے ساتھ عجیب سا دھوکہ ہے کہ بالکل روشنی میں چوریاں ہو رہی ہیں۔ وہ آپ کے سامنے ہیں جناب! جو ہمارے منسٹر صاحب ہیں یہ بتا دیں کہ جو قوم کے ساتھ نواز شریف نے ٹی وی پر آ کر وعدہ کیا تھا، میں سمجھتا ہوں کہ وہ فراڈ تھا، میں سمجھتا ہوں کہ وہ دھوکہ تھا قوم کے ساتھ، اس قوم کے ساتھ جس نے اس پر اعتماد کیا تھا، جس نے اس کو پورا مینڈیٹ دیا تھا اس ملک کو چلانے کے لئے۔ آج تک اس نے وہ پورا نہیں کیا۔ اس کی سزا اس کو ملنی چاہیئے۔ ایک چور کی، ایک جھوٹے کی سزا اس کو ملنی چاہیئے۔ وہ استعفیٰ دے اور جا کر کورٹ کے سامنے پیش ہو جائے کہ میں نے قوم کے ساتھ فراڈ کیا تھا اور دھوکے سے اعلان کیا تھا۔ میں اب اس سے دستبردار ہوتا ہوں۔ اگر وہ استعفیٰ نہیں دے سکتے ہیں تو پھر یہ قوم کو بتا دیں کہ میں نے آپ کے ساتھ جھوٹ بولا اور دھوکہ دیا تھا۔

Mr. Presiding Officer: Anybody who would like to respond to it ? I think this relates to Minister for Finance and he is the proper Minister to reply all these questions and moreover, Zahid Khan! you need so many details, you have raised so many questions, how much was the loan? Why it has not been paid? Why has it not been repaid? I think it would be better if you raise this

question when the Minister for Finance's turn is there.

جناب محمد زاہد خان۔آپ اس کی date fix کر دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ یہ ریکارڈ پر آ گیا ہے اور میں اسے ریکارڈ سے حذف نہیں کر رہا ہوں۔ جب وہ آئیں تو آپ اسے پیش کر دیں۔ جی جمیل الدین عالی صاحب۔

Dr. Jamiluddin Aali: Sir, through you I want to invite the attention of the Quaid-i-Aiwan and the Leader of the Opposition and through them the whole House sir, that according to the papers of this morning, a great calamity has occurred in our neighbouring country, India, Gohati in the state of Aasam where more than 500 lives have been lost and one thousand persons have been injured. So, sir, I am requesting Raja Zafarul Haq Sahib and Aitzaz Sahib and the House to make a special sympathy with the bereaved families and the people who have been injured and with the Indian population in general sir. I thank you very much.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جی راجہ صاحب۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ جناب چیئرمین! ہمیں افسوس ہے کہ ہندوستان میں حادثہ ہوا ہے اور یہ بھی ہمیں اخبارات کے ذریعہ سے پتہ چلا ہے کہ اس میں ایک گاڑی فوجیوں کی تھی۔ پھر یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ وہ فوجی کوئی گولہ بارود لے جا رہے تھے۔ آسام میں جو گڑبڑ ہے اس کو روکنے کے لئے۔ پہلے اطلاع یہ تھی کہ شاید وہ گولہ بارود پھٹ گیا ہے۔ جس کی وجہ سے یہ حادثہ ہوا ہے لیکن اب ہندوستان کی حکومت اس کو چھپانے کی کوشش کر رہی ہے کہ ایسا نہیں تھا۔ بہرصورت انسانی المیہ انسانی المیہ ہی ہوتا ہے اور ہمیں افسوس ہے کہ جس طریقے سے بنگہ دیش میں سیلاب کی وجہ سے تباہ کاری ہوئی ہے، جس طریقے سے چین میں پانی اور بارشوں کی وجہ سے انسانی جانیں ضائع ہوئی ہیں، جس طریقے سے کوسوو میں بیشمار مسلمان شہید کیے گئے اور ان کی قبریں آج تک دریافت ہو رہی ہیں۔ اگر اجتماعی طور پر آپ ان سب کے لئے کوئی اظہار افسوس کرنا چاہیں کیونکہ ہندوستان میں جو ہوئے ہیں۔۔۔

ڈاکٹر جمیل الدین عالی: مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔سب کو ملا کر اظہار افسوس کرتے ہیں۔

راجہ محمد ظفر الحق: اس کی پھر کوئی value نہیں رہتی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی راشدی صاحب۔

Re: So-called honour killings in the country

جناب حسین شاہ راشدی: جناب چیئرمین! آج ایک بڑی اندوہناک خبر "فرنٹیئر پوسٹ" پشاور میں چھپی ہے جو آج کا ایشو ہے ۔ کل بھی honour killing کے سلسلے میں ایک ریزولیوشن کو سینٹ نے reject کر دیا جو کہ ایک انتہائی افسوسناک بات تھی مگر یہ کہ وہ میجارٹی کا فیصلہ تھا۔ آج خبر چھپی ہے کہ پشاور میں ایک اور honour killing ہوئی ہے۔ اس میں نہ تو کوئی ہیومن رائٹس کمشن involve تھا، نہ وہ عورت گھر سے بھاگی تھی، نہ کوئی اور ایسا قابل اعتراض کام اس نے کیا تھا۔اس کو رشتے داروں نے زبردستی ہاتھ پاؤں باندھ کے ایک ۵۵ سالہ بوڑھے کے ساتھ بھیج دیا جبکہ لڑکی کمسن تھی۔ ان کا نباہ آپس میں نہیں ہوا۔ وہ ایک برس سے دوسری جگہ رہ رہی تھی۔ اس کو وہاں جاکر اس کے چچا یحییٰ نے، جب وہ نماز پڑھ رہی تھی، اسے گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ اس کا نام honour killing میں رکھا ہوا ہے۔ یحییٰ صاحب بھاگ گئے ہیں۔ وزیر داخلہ یہاں موجود نہیں ہیں۔ میں دیگر وفاقی وزراء سے پوچھوں گا کہ یہ جو اندوہناک حادثہ ہوا ہے، جہاں ایک بے گناہ لڑکی کو مارا گیا ہے، اس سلسلے میں وہ کوئی قدم اٹھائیں گے یا اس کو بھی اسی طرح چھوڑ دیں گے کہ یہ honour killing ہے، لہذا اس شخص کو یہ اعزاز حاصل ہو اور وہ بھی بغیر گرفتاری کے پھرتا رہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نثار محمد خان صاحب آپ اسی موضوع پر بات کرنا چاہتے ہیں۔ جی فرمائیے۔

جناب نثار محمد خان: شکریہ۔ جناب چیئرمین! جس طرح ہمارے حزب اختلاف والے یہ مانتے ہیں کہ اخباروں میں ہرقسم کی خبریں آجاتی ہیں اور نتیجتاً بہت سی خبریں جھوٹی بھی ثابت ہوتی ہیں۔ میں جناب آپ کو یہ دعوے سے کہتا ہوں کہ یہ جو قصہ لکھا گیا ہے، جس میں یہ

کہا گیا ہے کہ اس کے ہاتھ، پاؤں باندھ کر اس کی شادی ہوئی تھی، یہ پختون معاشرے میں ہو ہی نہیں سکتا۔ پختون معاشرے میں خواہ وہ قبائلی ہیں، خواہ وہ settled area کے ہوں، باقاعدہ گواہوں کے سامنے لڑکی سے پوچھا جاتا ہے اور تب اس کا نکاح پڑھا جاتا ہے۔ شکر ہے کہ پولیس اس کی investigation کر رہی ہے اور انشاء اللہ یہ جلد ہاؤس کے سامنے آجائے گا کہ حقیقت کیا ہے۔ شکریہ جناب۔

Mr. Presiding Officer: Yes, would you like to respond to it?

**میاں محمد یٰسین خان وٹو،** جناب والا! میں اتنا ہی عرض کروں گا کہ اسی سلسلے میں قانون کے مطابق جن اقدامات کی ضرورت ہوگی انشاء اللہ وہ اقدامات کئے جائیں گے اور پورا انصاف کیا جائے گا۔

**جناب چیئرمین،** جی جناب اعتزاز احسن صاحب۔

**چوہدری اعتزاز احسن،** جناب چیئرمین! یہ تو کوئی بات نہ ہوئی۔ اب وزیر پارلیمانی امور ہر بات پر یہ کہہ دیتے ہیں کہ قرارداد جب move ہوئی تھی آپ کے دستخط سے، مشاہد حسین صاحب کے دستخط سے، ہم نے اس کو water down کردیا۔ صرف ہم چار رہ گئے، کھڑے رہے۔ آج آپ خود دیکھ رہے ہیں، یہ اخبار میں خبر ہے، .another girl falls prey to honour killing اس پر صرف سوال یہ ہے، قانون تو کرے گا، اگر قانون کرے گا تو جناب چیئرمین! آپ نے کیوں دستخط کئے تھے اس قرارداد پر؟ میں آپ سے سوال کرتا ہوں۔ آپ اس وقت وہاں بیٹھے ہوئے ہیں اور آپ نے کل اس قرارداد کے خلاف ووٹ دیا۔ آج صرف ہم ان سے درخواست کر رہے ہیں۔ یہ تو ہم ویسے ہی جانتے ہیں کہ یہ کہیں گے کہ قانون کے مطابق عمل ہوگا۔ ہم چاہتے ہیں کہ یہ جو honour killings کا معاملہ ہے، چاہئے نثار محمد خان صاحب درست ہوں کہ بعد میں اس میں تفتیش کرنے سے کچھ اور بات نکل آئے گی۔ لیکن سوال یہ ہے کہ اس وقت ایک honour killing کا issue ہے۔ صرف یہی issue ہے۔ کیا حکومت اس کے انسداد کے لئے کچھ کرے گی؟ وہ کہتے ہیں جی کہ یہ بھی ایک ordinary case ہے اور چل رہا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ کم از کم، ہم تھوڑے ہوں یا زیادہ ہوں، ہم اس جواب کو تسلیم نہیں کرتے۔ میرے ساتھ جو اس وقت چلنا چاہتے ہیں، بے شک دو نکلیں، تین نکلیں، اس خبر کے خلاف ہم ٹوکن واک آؤٹ کریں گے

اور واپس آجائیں گے۔ مگر ہم وزیر اور حکومت کے موقف کے خلاف ٹوکن واک آؤٹ کرتے ہیں۔

(اس موقع پر پیپلز پارٹی کے ممبران نے چوہدری اعتزاز احسن کی اپیل پر ٹوکن واک آؤٹ کیا)

Mr. Presiding Officer: Yes, Minister for Parliamentary Affairs.

**میاں محمد یسٰین خان وٹو:** جناب چیئرمین! میں نے کہا ہے کہ قانون کے مطابق اقدامات کئے جائیں گے۔ کیا وہ چاہتے ہیں کہ قانون کے خلاف اقدامات کئے جائیں؟ ہم قانون کے مطابق اقدامات کریں گے، investigation ہوگی، عدالت میں کیس جائے گا اور عدالت جو فیصلہ کرے گی وہ حتمی فیصلہ ہوگا۔ تو کیا وہ یہ چاہتے ہیں کہ قانون کے خلاف، ہم ان کی مرضی کو تسلیم کرلیں۔ یہ تو بڑی نامناسب بات ہوگی۔ میں نے عرض کیا ہے کہ قانون کے مطابق سارے اقدامات کئے جائیں گے اور انصاف کیا جائے گا۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** جی فضل محمد صاحب۔

**حافظ فضل محمد:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب عالی! یقیناً مجھے تعجب ہو رہا ہے اور چند دن سے، آپ بھی اخبارات میں پڑھتے ہوں گے کہ یہاں پر اجتماعی قتل ہوتے ہیں لیکن اس پر کوئی آواز اٹھانے والا نہیں ہے۔ یہ آج کے اخبارات میں، کل کے اخبارات میں، پرسوں کے اخبارات میں ہے کہ ہمارے مختلف شہروں میں قتل کے انتہائی لرزہ خیز اور دل ہلانے والے واقعات پیش آتے ہیں لیکن اس پر کوئی آواز نہیں اٹھاتا۔ جب اس قسم کا کوئی معاملہ سامنے آجاتا ہے تو پھر یہاں ان کے ہمدرد بہت زیادہ پیدا ہو جاتے ہیں۔ اس کے پس پردہ کچھ عوامل ہیں۔ اصل میں دنیائے اسلام کو ایک بدشکل اور بدنما صورت میں دکھانے کے لئے کچھ لوگ باقاعدہ منظم مہم چلانے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ وہ اپنے باہر کے آقاؤں کو خوش کرسکیں۔ یہاں اس قسم کے لوگ اور ایجنسیاں موجود ہیں۔ اس قسم کے چھوٹے چھوٹے واقعات روزمرہ کے معمول ہیں۔ ہم اس قتل کی حمایت نہیں کرتے ہیں لیکن بات صرف یہ نہیں ہے کہ ایک واقعہ جب پیش آتا ہے تو اس کو سر پر اٹھا کر بڑھا چڑھا کر پوری دنیا کے سامنے اٹھا لیا جاتا ہے۔ جب کہ اس قسم کے واقعات روز پیش آتے ہیں۔ کیا وہ انسان نہیں ہیں؟ کیا وہ مسلمان نہیں ہیں؟ جو چھوٹے چھوٹے بچے بے دردی سے یہاں پر قتل ہوتے ہیں اس مسئلے کو یہ یہاں پر نہیں اٹھاتے۔ کیا اس حوالے سے انسانی حقوق پامال نہیں ہو رہے؟ جب اس قسم کا کوئی معاملہ آجاتا ہے، شادی کے معاملے میں،

یا شوہر اور بیوی کے معاملے میں تو اس کو سر پہ اٹھا کر پوری دنیا کے سامنے اس طرح پیش کرتے ہیں جیسے کہ اسلام ایک انتہائی وحشیانہ نظام ہے۔ خصوصاً ہمارے کلچر میں اور پھر دیہات کا جو کلچر ہے، وہاں ہماری کچھ روایات ہیں، ہماری کچھ تاریخ ہے، ہمارے کچھ تحفظات ہیں۔ ایک مخصوص قسم کا معاشرہ ہے لیکن وہ اس معاشرے کو تہہ و بالا کرنے کے درپے ہوتے ہیں، اس معاشرے کو disturb کرنے کے درپے ہوتے ہیں اور پھر انسانی حقوق کا بہانہ بناتے ہیں۔ انسانی آزادی کے، انسانی حقوق کے حوالے سے ان کی اپنی جو تمام بے راہ روی ہے، بے حیائی ہے، فحاشی ہے، عریانی ہے، مادرپدر آزادی پہ پوری دنیائے مغرب نے اپنے آپ کو تباہ کر دیا ہے۔ اب ہمارے ساتھ بھی وہ سب کچھ کر رہے ہیں۔

جناب والا! آپ کو علم ہے، آپ ایک دانشور ہیں، آپ پڑھتے ہوں گے کہ مغرب کے بڑے بڑے دانشور آج شور کر رہے ہیں، چلا رہے ہیں، مچل رہے ہیں کہ ہمارا جو ایک فیملی سسٹم تھا، ہمارا معاشرہ جو پہلے تھا وہ اب ٹوٹ چکا ہے۔ آپ اخبارات میں بھی روزانہ پڑھتے ہیں کہ وہاں پر طلاق کی کتنی شرح ہے، وہاں اس قسم کے واقعات روزانہ اخبارات میں لوگ پڑھتے ہیں۔ ہمارے اور ان کے درمیان شرح تناسب کیا ہے؟ وہاں کی عورتیں جو اس قسم کے تشدد کا شکار ہوتی ہیں زنا بالجبر کے حوالے سے تو ان کے ایک مہینے کا ریکارڈ ہمارے دس سال کے ریکارڈ سے بھی زیادہ ہے۔ پھر یہی لوگ ناصح بن کر، دانشور بن کر، اعلیٰ پروفیسر بن کر ہمیں نصیحتیں کرتے ہیں، ہمارے ہاں ہر حوالے سے واردات کی شرح کم ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ یہاں پہ ایک فیملی سسٹم ہے، ایک نظام ہے۔ اسلام کے حوالے سے کچھ مقدس رشتے ہیں۔ ان کے پھر نبھانے کے لئے کچھ اصول و قواعد ہوتے ہیں۔ اسی بنے ہمارے معاشرے کو کنٹرول کیا ہے اور یہی مغرب اب ہمارے درپے ہے کہ ہمارے اس معاشرے کو ڈسٹرب کرے اور اس کو بالکل نیست و نابود کرے۔ جن مشکلات سے وہ خود دوچار ہیں ہمارے لئے بھی یہی چاہتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس کے پس پردہ کچھ اور مقاصد ہوتے ہیں انسانی حقوق کے معاملے کا بالکل اس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ بہت بہت شکریہ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی چوہدری صاحب۔**

**چوہدری اعتزاز احسن:** جناب چیئرمین! یہ معاملہ تو ہو گیا۔ جناب دو مسائل آپ کے

سامنے پیش کرنے ہیں اور پھر ایجنڈے پر ہم نے آنا ہے۔ ایک بڑا اہم مسئلہ اس ہاؤس کے متعلق ہے اور وہ یہ ہے کہ آج اخبارات میں آگیا ہے کہ راجہ صاحب اور میری کوئی خاص شاید formal قسم کی ملاقات ہوئی ہے۔ اس میں کچھ معاملات طے ہوئے ہیں' ویسے تو راجہ صاحب جو طے کر دیں میں اکثر سرتسلیم خم کر دیتا ہوں۔ age کے حوالے سے بھی۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر** ، سینٹ کے معاملات تو آپ ہی طے کریں گے۔

Re: Briefing on Kargil issue and Cabinet meeting at Skardu

**چوہدری اعتزاز احسن** : میں کر دیتا ہوں جناب راجہ صاحب کے احترام میں لیکن ایک معاملہ اس وقت یہ ہے کہ منگل کو ہمیں سب سے پہلے ایک ایسا عندیہ ملا تھا کہ آج سینیٹرز کی کارگل کے متعلق بریفنگ ہوگی ۔ آج منگل بھی گزر گیا لیکن بریفنگ نہیں ہوئی۔ اب ہم سن رہے ہیں کہ شاید جمعہ کو وہ بریفنگ ہوگی۔ اب جمعہ کو کیوں ہو' دو دن کل یا پرسوں کیوں نہیں ہوگی۔ سنتے ہیں اخبارات کے ذریعے کہ کابینہ کارگل جائے گی۔ اب جب نماز کا وقت گزر گیا تو اس کے بعد نماز قضا کر کے آپ کو کارگل کی سوجھی تو یہ نماز نہیں ہوتی۔ اس سے کوئی فائدہ نہیں' صرف خرچہ کریں گے' بیش بہا خرچہ کریں گے جہازوں پر جانے کا' وہاں وزراء کے ٹھہرنے کا' سارے officials کے جانے اور ٹھہرنے کا' کیا ہے جی کہ کارگل کے شاید ہم قریب چلے گئے ہیں' آپ کوئی توپ لے کر آگے چلے گئے ہیں؟ وہاں کارگل میں جا کر چاہے کرکٹ میچ کھیل لیں۔ آپ سکردو میں جا کر کیا سمجھتے ہیں کہ قوم کو کوئی دھوکہ دے لیں گے کہ جی ہم بڑے مجاہد ہیں' ہم سکردو میں بیٹھ کر کابینہ کی میٹنگ کر رہے ہیں۔ کمال ہے۔ یہ کام تو چرچل نے کبھی نہیں کیا تھا کہ بنکرز کے پاس جا کر وہ کابینہ کی میٹنگ کرے۔ جو قومیں جنگیں لڑتی ہیں اور جیتتی ہیں وہ پانچ دس دن کی جنگ کے بعد nerves نہیں ہارگئیں' انہوں نے پانچ پانچ' چھ چھ سال جنگیں لڑیں۔ ان کے ہزاروں' لاکھوں بچے کھیت ہو گئے ان جنگوں میں لیکن انہوں نے اپنے حوصلے اور اعصاب نہیں گنوائے۔ وہ ایسی شعبدہ بازیاں نہیں کرتے کہ جی ہم جا کر سکردو میں کابینہ کی میٹنگ کر رہے ہیں اور بڑا ہمیں کارگل اور سکردو کا غم ہے۔

میں ان سے کہوں گا خدارا! اس وجہ سے سینٹ کے دو دن آپ ضائع نہ کریں۔ ہم لوگ یہاں آتے ہیں اور پھر ہمارا ٹی اے ڈی اے کا خرچہ بنے گا' سینیٹرز کا تو حق ہے' میں اسے

ناجائز نہیں بنا رہا لیکن آپ کی وجہ سے ہم اس معاشرے پر زیادہ بوجھ بنیں گے۔ آج یہ ہاؤس adjourn ہو گا اور Friday کو دوبارہ ہو گا۔ دو دن تک، جو دوست بلوچستان سے آئے ہوئے ہیں، کراچی سے آئے ہیں، فرنٹیئر سے آئے ہیں، پنجاب سے آئے ہیں، وہ کیا کریں گے ؟ جیسے میں نے پہلے عرض کیا تھا کہ ان میں سے بہت سارے ایسے وزراء ہیں جو صرف مکھیاں مارنے کے لئے ہیں۔ آپ سینیٹرز کو تو ایسا کرنے پر مجبور نہ کریں۔ ہم لوگ کیا کریں گے دو دن، یہ کہ کابینہ ساری سکردو چلی گئی ہے اور briefing جو آج ہونی تھی وہ نہ کل ہو گی، نہ پرسوں ہو گی اور وہ ہو گی Friday کو، کیوں ؟ جبکہ کارگل کا قضیہ اور معاملہ اس وقت ختم ہو گیا ہے۔ آپ نے سب کو واپس بلا لیا ہے۔ آپ نے وہاں پر توپیں ٹھنڈی کر دی ہیں۔ اب آپ ادھر جا کر سکردو میں کابینہ کی میٹنگ کیوں کر رہے ہیں؟ جناب! تمام وزراء، سیکریٹریز اور ابھی عالی صاحب نے علامہ اقبال کا وہ مصرع مجھے لکھ کر بھیج دیا ہے ۔ میں اسی خیال کا اظہار کر رہا تھا، یہ میرے ذہن سے نکلا ہوا تھا،

یہ ناداں گر گئے سجدے میں جب وقت قیام آیا

ہر کام یہ غلط وقت پر کرتے ہیں، صرف ایک reverse gear انہیں لگا ہوا ہے۔ میں ان سے گزارش کروں گا خدا را، خدا را وزیر اعظم کو کہیں، وزیراعظم یہاں کے Leader of the House ہیں، آئینی اعتبار سے ان کی عدم موجودگی میں، ہم ان کا زیادہ احترام کرتے ہیں، راجہ ظفر الحق صاحب Leader of the House ہیں، پارلیمانی افیئر کے منسٹر بیٹھے ہوئے ہیں، مشاہد حسین صاحب بیٹھے ہوئے ہیں اور دو بڑے senior وزراء جن میں کشمیر افیئر کے منسٹر بیٹھے ہوئے ہیں۔ ان کی بات میں وزن ہوتا ہے جب وہ کابینہ میں اور وزیر اعظم سے بات کرتے ہیں۔ اتنا نہ گھبرائیں، خدا را آپ وزیر اعظم کو بتائیں، آپ چار پانچ لوگ وزیر اعظم صاحب کو بتائیں گے تو ان کی سمجھ میں بات آ جائے گی کہ یہ تمام خرچہ غلط ہے جو آپ سکردو میں کابینہ کی میٹنگ کر رہے ہیں۔ یہ شعبدہ بازی نہ کریں۔ خدا کے واسطے قوم پر یہ بوجھ نہ ڈالیں۔

جناب! پھر آپ نے پارلیمنٹ بلائی ہوئی ہے ۔ ہاؤس دو دن کے لئے adjourn ہو جائے گا کہ جی Friday کو briefing ہو گی۔ آپ کل briefing کا اہتمام کریں۔ کل نہیں کر سکتے پرسوں کر لیں۔ یہ ہاؤس چلتا رہے۔ ہم اس ہاؤس کے تقدس کے امین ہیں۔ آپ، میں اور ہم سب اس ہاؤس کی کارکردگی کے ذمہ دار ہیں ۔ اس کارکردگی کا مکمل طور پر لوگ جائزہ لیتے ہیں اور رائے دیتے ہیں ۔وہ اگر اس کا احترام کرتے ہیں تو اس وجہ سے اور اگر احترام نہیں کرتے تو اسی وجہ

سے کہ ہم یہاں کے امین ہیں۔ ہمیں یہ بڑے دکھ کی بات لگتی ہے کہ جی یہ سکردو سیرو تفریح کرنے کے لئے جارہے ہیں، کیا وہاں انہوں نے توپیں چلائی ہیں؟ وہاں یہ صرف سیرو تفریح کے لئے جا رہے ہیں اور ساری کابینہ کو لے کر جا رہے ہیں۔

پہلے ایک عرب شہزادے یہاں آئے۔ یہ اخباروں میں چھپا ہے کہ ان کے لئے سارا کھانا C-130 اور ہیلی کاپٹر پر لے جایا گیا۔ اس پکوان میں shrimps بھی تھیں، چالیس چالیس روپے کی ایک shrimp، وہ جب پکی، تو سو روپے کی ایک ایک shrimp ہو گئی۔ وہ سارے کا سارا پکوان میاں صاحب نے سکردو پہنچا دیا۔ بعد میں موسم خراب ہونے کی وجہ سے جہاز نہیں آ سکے اور بھوربن میں جا کر ان کا کھانا کیا۔ خدا کے واسطے ان شاہ خرچیوں کو چھوڑیں۔ یہ مغل درباد نہیں ہے۔ یہ مغلیہ حکومت نہیں ہے۔ مغل بادشاہ جب چلتا تھاتو ایک پورا شہر اس کے ساتھ چلتا تھا۔ آج گجرات کی جتنی آبادی ہے، اتنا بڑا شہر ان کے ساتھ چلتا تھا۔ بازار اسی طرح سج جاتے تھے، لگ جاتے تھے۔ آپ کہاں مغلیہ شان اور ٹھاٹھ فرما رہے ہیں۔ایک دن آپ فیصلہ کرتے ہیں اور قوم پر بڑا احسان کرتے ہیں کہ ہم نے وہ بڑی عمارت secretariat کی خالی کر دی ہے ۔ آج آپ فیصلہ کررہے ہیں کہ آپ واپس جا رہے ہیں۔ پنجاب میں کہتے ہیں "نانی نے کسم کیتا، بڑا ہی بھیڑا کیتا---- کھسم کر کے چھڈ دتا، طلاق لے لئی، ہور بھیڑا کیتا"۔ بھئی آپ پہلے گئے ہیں، چار پانچ کروڑ روپے آپ نے ادھر کیبنٹ بلڈنگ میں جانے کا خرچ کر دیا، اب آپ واپس جا رہے ہیں، چار پانچ کروڑ پھر لگ جائے گا۔ یہ کس کا پیسہ لگے گا، اتفاق کا، یہ تو آپ کی جیب سے جانا چاہیئے تھا۔

اس وقت یہ تو میں نے پس منظر کے طور پر باتیں جتائی ہیں کہ آپ کبھی ادھر چل پڑتے ہیں، کبھی ادھر چل پڑتے ہیں۔ شعبدہ بازی کرتے ہیں۔ ان باتوں سے کچھ نہیں بنے گا۔ کارگل کا جیتا ہوا معرکہ آپ ہار گئے ہیں۔ اب شعبدہ بازی چھوڑو، خدارا! کل اور پرسوں سینٹ کے اجلاس بدستور ہونے چاہئیں۔ آپ وزیراعظم سے کہیں کہ کابینہ کی میٹنگ سکردو میں نہ کریں، اگر وہ میٹنگ صبح ہے تو وہ میٹنگ اسلام آباد میں ہو اور سینٹ شام کو مل لے۔ اگر آپ میٹنگ شام کو کرتے ہیں تو سینٹ صبح کو مل لے۔ بدستور یہ ہفتہ چلے ۔ آپ نے اجلاس بلایا ہے، ہمارا اجلاس تو ابھی شروع ہی نہیں ہوا۔ پھر یہ ہے کہ بریفنگ آپ جمعہ کو دیں گے تو اس پر بحث کب ہو گی۔ اسی دن آپ prorogue کرنا چاہتے ہیں۔پھر وہ ہمارا اجلاس جو اگلے ہفتے ہو گا، اس میں بحث ہو گی، کیونکہ اس پر بحث تو لازمی ہے۔ بریفنگ بغیر بحث کے تو کوئی معنی ہی نہیں رکھتی ۔ اگلا

ہفتہ اس میں لگ جائے گا۔ آپ نے کیا یہ roster بنایا ہے؟ کس طرح آپ یہ کام کر رہے ہیں؟ میں آپ کی وساطت سے جناب چیئرمین ان سے اپیل کرتا ہوں' یہ تمام تر سینئر وزراء اور متعلقہ وزراء بیٹھے ہیں کہ خدا را! میاں صاحب سے کہیں کہ یہ کام نہ کریں۔ اس سے کسی پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ خیبر سے لے کر کراچی تک سب منفی اثر ہو گا۔ لوگ کہیں گے کہ سکردو کا مذاق اڑا رہے ہیں' کارگل کے شہیدوں کا مذاق اڑایا جا رہا ہے کہ اتنا خرچ کر کے' جہازوں پر جا کے آپ سکردو میں اور اس کی جھیل میں shrimps کھائیں گے اور آپ کہیں گے کہ کابینہ کی میٹنگ ہے۔

آپ دیکھیں کہ کابینہ کی میٹنگ کے ساتھ کتنے افسران ' کتنی فائلیں' کتنے لوگ' کتنے سیکرٹریز' ڈپٹی سیکرٹریز' جوائنٹ سیکرٹریز' پھر ان کے پرائیویٹ سیکرٹریز' کتنے لوگوں کو جانا پڑے گا اور جانا پڑتا ہے۔ وہ میٹنگ آپ یہاں کریں' آج سیشن جمعہ تک adjourn نہ کریں۔ کل آپ صبح کریں' شام کریں' یہ آپ کی صوابدید ہے۔ اس دوران آپ کابینہ کی میٹنگ بھی کریں' بے شک آپ جو مرضی ہے فیصلے کریں' کابینہ کا کام ہے فیصلے کرنا۔ یہ بوجھ آپ عوام پر نہ ڈالیں۔ یہ مشکل' مصیبت اور بیقراری آپ سینٹ کے حصے میں نہ ڈالیں۔ ان معاملات کو باقاعدہ اچھے انداز سے' قوم کی بہتری کے انداز میں حل کریں' صرف اپنی cheap publicity کے لئے نہ کریں۔ یہ cheap publicity ہو گی۔ سکردو میں کابینہ کی میٹنگ کو ہم سب رد کرتے ہیں' سارا پاکستان رد کرتا ہے۔ شرم آنی چاہیئے آپ کو کہ آپ اس طرح کی باتیں کرتے ہیں۔ میری گزارش ہے آپ سے کہ آپ یہاں میٹنگ کریں اور سیشن جاری رکھیں۔ بریفنگ آپ کل نہیں کر سکتے تو پرسوں کر لیں تاکہ اس پر سیر حاصل بحث ہو سکے' کچھ اس ہفتہ ہو سکے اور کچھ آئندہ ہفتہ کو ہو سکے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** جی جناب لیڈر آف دی ہاؤس۔

**راجہ محمد ظفر الحق:** جناب چیئرمین! اعتزاز احسن صاحب سے کل بھی اس معاملے پر بات ہوئی تھی اور انہیں بتایا تھا کہ سینٹ کے اس سیشن کا پروگرام کیا ہے۔ آج بھی انہوں نے مختصر سی بات کی ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اپوزیشن میں ہوتے ہوئے بالخصوص کچھ چیزیں بطور اپوزیشن کرنی بھی پڑتی ہیں اور وہ understandable ہیں' وہ مجبوری بھی ہوتی ہے' چنانچہ کچھ تھوڑی بہت باتیں ایسی کرنی پڑتی ہیں لیکن اس کے لئے بھی ایک معیار' ایک لیول رکھنا ضروری

ہے۔ ہر چیز کو اس انداز سے پیش نہیں کرنا چاہیئے کہ جس سے لوگوں کی دل آزاری ہو۔ یہ کہنا کہ جی یہ ایک تماشا کارگل کے قریب بنایا جا رہا ہے۔ مجھے ان الفاظ پر افسوس ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ کارگل کے سارے معرکے میں اس علاقے سے بے شمار لوگوں کی شہادت ہوئی ہے۔ جو شہید ہوئے ہیں وہ بھی اپنے علاقے کے لیے نہیں ہوئے ہیں بلکہ وہ پاکستان کے لیے ہوئے ہیں اور ایک cause کے لیے ہوئے ہیں۔ پوری قوم کو ان کی قدر ہے، احترام ہے۔ جو ان کے ورثاء ہیں، ان قربانیوں کی وجہ سے جو ان کے اوپر افتاد پڑی ہیں وہ بھی پوری قوم کی ذمہ داری ہے۔ یہ نہیں ہے کہ صرف اس علاقے کے لوگوں کی ذمہ داری ہے۔ اس لیے اگر ان کی کوئی بہبود کا کام کرنا ہے، ان کے پاس جانا ہے تو اس میں، میں یہ سمجھتا ہوں کہ وزیر اعظم کا بھی فرض بنتا ہے اور کابینہ کے ارکان کا بھی فرض بنتا ہے کہ ان لوگوں کے پاس خود چل کے جائیں۔ ان کے لیے کسی package کا اعلان کریں۔ ان کے لیے بہتری کا کوئی پروگرام بنائیں۔

ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ہندوستان کے اندر، جیسا کہ اکثر لوگ زی ٹی وی دیکھتے ہیں کہ وہاں کی کیا کیفیت ہے، کیا وہاں کا ٹمپریچر ہے۔ وہاں جو ورثاء ہیں ان کے بیانات آنے شروع ہو گئے ہیں کہ پہلے تو یہ کہا گیا تھا کہ جو کارگل میں ہندوستانی مرے ہیں، ان کے ورثاء کو ہم کچھ دیں گے لیکن ان کے لیے کچھ بھی نہیں کیا گیا۔ ایک تو ہندوستان کی حکومت مرنے والوں کی تعداد چھپا رہی ہے۔ خود سونیا گاندھی جو امیدوار ہیں، انہوں نے بھی کہا ہے کہ پورے ہندوستان میں کوئی جگہ نہیں بچی جہاں لاشیں نہ آئی ہوں اور چتائیں نہ جلائی گئیں ہوں۔ یہ ان کے الفاظ تھے لیکن وہاں کی حکومت وہ سب کچھ چھپا رہی ہے۔

ہمارے وزیر اعظم صاحب نے پہلے اعلان کیا تھا کہ جو شہداء ہیں ان کے لیے پانچ لاکھ روپے، ان کی مرضی کے مطابق ایک مکان، جہاں کہیں وہ کہیں گے، ان کو بنا کر دیا جائے گا اور پھر جو لوگ زخمی ہوئے ہیں اور جو دوسرے لوگ ہیں ان کی development کے لیے وہ ایک package بنوا رہے ہیں۔ پھر وہاں کے مخصوص حالات بھی ہیں۔ ناردرن ایریا میں کہا گیا ہے کہ self government کا کوئی طریقہ بنانا چاہیئے۔ وہاں کے عدالتی نظام کی بہتری ہونی چاہیئے۔ اس معاملے میں بھی وزیر اعظم صاحب کی خواہش ہے کہ کوئی پیش رفت ہو۔ میں سمجھتا ہوں کہ پکنک منانے کی بہت غلط بات انہوں نے کی ہے۔ کیا یہ کوئی موقع ہے اس قسم کی باتیں کرنے کا؟

آپ کی مجبوریوں کا ہمیں علم ہے کہ اگر کوئی ایشو نہ بھی ہو تو اس میں سے ایشو create کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اس کے لیے بھی میری توقع یہ ہے بالخصوص اعتزاز احسن صاحب سے کہ وہ اپنا معیار برقرار رکھیں گے کیونکہ اس قسم کی باتیں کرنے سے ان کے بارے میں جو سوچ ہے، خود جو ہم یہاں بیٹھے ہوئے ہیں یا جو لوگ کل پڑھیں گے، ان پر کیا اثر پڑے گا۔ ان کی جماعت کی رہنما تو وہ ہیں کہ اگر ہندوستان نے ایٹمی تجربہ کیا تو انہوں نے کہا کہ یہ قیادت بزدل ہے ۔ وہ ایٹمی تجربے کے جواب میں ایٹمی تجربہ نہیں کر سکتی۔ اس کا جواب یہ دینے کے قابل ہی نہیں ہیں۔ اگر ہم ہوتے تو یہ کر دیتے لیکن جب پاکستان نے ایٹمی تجربات کر لیے، جو پاکستان کی ضرورت تھی، تو انہوں نے کہا کہ یہ کیا غلطی آپ نے کردی۔ اس سے تو آپ کی امداد بند ہو جائے گی۔ اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں حکومت کے اوپر تنقید کرنا اپوزیشن کا حق بنتا ہے۔ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر وہ یہ نہ کریں گے تو پھر شاید ان کا گراف گرے گا لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ جب کبھی آپ نے ان معاملات پر تنقید کرنی ہو تو ملکی مفاد کو ضرور سامنے رکھئے، ان کے اوپر آپ کی نگاہ ضرور رہنی چاہیئے تاکہ آپ کی زبان سے ایسے الفاظ نہ نکلیں۔ جو قومی مفادات کے خلاف ہوں یا ان کو توڑ مروڑ کر پھر دوسرے ملک کا television یہ کہے کہ وہ خود لوگ کہہ رہے ہیں کہ وہ وہاں کس لئے گئے، ایسا نہیں ہونا چاہیئے۔ ہمارے اختلافات ہیں۔ ظاہر ہے، جماعتیں الگ ہیں، سلسلہ الگ ہے، مخالفت بھی ہے، الیکشن بھی لڑے ہیں لیکن پاکستان سب کا ایک ہے۔ ہمارے مقاصد پاکستان کی حد تک ایک ہونے چاہئیں۔ اس لحاظ سے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اگر Cabinet کا اجلاس وہاں رکھا گیا ہے، وزیر اعظم صاحب تیسری ، چوتھی بار وہیں جا رہے ہیں۔ پچھلی دفعہ میں ان کے ساتھ تھا، ہم نے دوپہر کا کھانا بھی نہیں کھایا اور جہاز میں جو snacks وغیرہ ملے ، اسی پر گزارہ کیا۔ اس لئے یہ بات قطعاً زیب نہیں دیتی کہ یہ کہا جائے کہ وہاں picnic کے لئے یا فلاں چیز کے لئے جا رہے ہیں۔ اس لئے کابینہ کا اجلاس وہاں رکھا جا رہا ہے، موسمی حالات کے تحت اور وہاں جب لوگوں کو یہ کہہ دیا جاتا ہے، ایک جگہ نہیں ہے، وہ چار پانچ جگہوں پر جا رہے ہیں اور ان کے ساتھ وزراء بھی ہوں گے، سارے نہیں کچھ ہوں گے جو وہاں باقی جگہوں پر بھی جائیں گے۔ وہاں لوگوں کو پہلے سے وقت بھی دیا جا چکا ہے تو پھر اب یہ کہنا کہ آپ صبح کو جائیں اور شام کو واپس آ جائیں تو یہ غلط بات ہے۔

ہر بدھ کو ویسے بھی meeting ہوتی ہے، بدھ کو اگر یہاں بھی ہونا تھا تو اجلاس نہیں

ہو سکتا تھا۔ اس لئے وہاں اجلاس کر رہے ہیں۔ ایک margin رکھا ہے کہ یہ نہ ہو کہ کل آپ کہتے پھریں کہ ہمیں تو briefing کے لئے بلوایا گیا تھا اور briefing نہیں دی گئی ہے۔ اس لئے ہم نے ایک دن کا margin رکھا ہے، ہمیں یہ بھی پتا ہے کہ briefing بھی دی جائے گی۔ سرتاج عزیز صاحب، جو کچھ ان کے علم میں ہے، وہ آپ کے سامنے بیان کریں گے۔ Army سے بھی ہمارا خیال ہے کہ briefing کروائی جائے کہ جو پہلی briefing ہوئی تھی اس کے بعد کیا حالات ہوئے ہیں۔ اس کے بعد آپ نے کہنا تو یہی ہے کہ جی کوئی نئی چیز نہیں ہوئی، کوئی نئی بات نہیں ہوئی، ہمارے علم میں کوئی اضافہ نہیں ہوا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ شاید آپ کے علم میں کوئی اضافہ نہ ہو، لیکن اس کے باوجود ہم اپنا فرض پورا کریں گے۔ ہم share کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ جو کچھ اس معاملے میں ہمارے پاس ہے وہ آپ سے share کریں۔ باقی آپ کا جو اپنا reaction ہے جو آپ کی مرضی ہے وہ کریں۔ یہ جو بدھ کی Cabinet meeting تھی اس کا کوئی پتا نہیں ہوتا کہ کتنی دیر چلتی ہے۔ اس لئے وہ دن اس طرح کا ہے۔ دوسرا دن ہم نے margin کے طور پر، مجبوری کے طور پر رکھا ہے کہ اگر وہ flight نہ آسکے تو پھر یہاں بدمزگی پیدا ہو گی۔ اس لئے ہم سمجھتے ہیں کہ یہ پروگرام اسی طریقے سے ہونا چاہئیے۔

**چوہدری اعتزاز احسن۔** ایک ذاتی وضاحت۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** اعتزاز احسن صاحب۔

**چوہدری اعتزاز احسن۔** جناب Leader of the House نے یہ کہا ہے اور یہ اس گورنمنٹ کا ایک وطیرہ بن گیا ہے۔ یہ کارگل پر پاکستان کی پسپائی کا باعث بنے ہیں۔ میں نے اس پر آرٹیکل بھی لکھا ہے، کتنے fronts ہوتے ہیں اور یہ غلط ہے یا صحیح ہے لیکن یہ استدلال پر آ گئے ہیں کہ ہم پر تنقید نہ کریں، بات نہ کریں کیونکہ آپ کی باتوں میں سے شاید دشمن کوئی فائدہ نکال لے کہ یہ تنقید ہو رہی ہے۔ جناب آپ جانتے ہیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔** یہ بات تو راجہ صاحب نے نہیں کہی۔

**چوہدری اعتزاز احسن۔** میں نے کہا کہ ان کا استدلال یہ تھا کہ وہ لوگ آپ کی بات میں سے کوئی اور بات نہ نکال لیں اور کہیں کہ پاکستان پیپلز پارٹی والے بھی یہ کہہ رہے ہیں۔ جناب آپ جانتے ہیں کہ ہم نے بھی حکومتیں چلائی ہیں۔ یہ ہمیں اس طرح دھمکائیں نہیں کہ آپ

کے الفاظ سے وہ جو ہمارے مخالفین ہیں، بیرونی طور پر دشمن، وہ کوئی استفادہ حاصل نہ کریں۔ اس استدلال سے بھی آپ تنقید سے نہیں بچ سکتے، آپ پر تنقید لازم ہے، ہر محب وطن پاکستانی کا فرض ہے۔ آپ کا جو کردار رہا ہے، اس کے بارے میں اس وقت میں کچھ نہیں کہنا چاہتا، briefing ہو گی اس کے بعد بہرحال گزارشات کروں گا۔ شاید briefing میں اللہ کرے آپ ہمیں مطمئن کر سکیں، ہم کھلے ذہنوں سے briefing کے لئے جائیں گے، قطعاً بند ذہن نہیں ہو گا۔ آپ ہمیں مطمئن کریں گے، اس سارے معاملے میں کہ کیوں کارگل گئے اور کیوں واپس آئے، دو بنیادی بڑے سوال ہیں۔ جب گئے، تو کیا مقاصد تھے اور کیا مقصد جا رہے ہیں جب آپ واپس آ گئے۔ اگر آپ ہماری تسلی کرائیں گے اور اگر آپ ثابت کریں گے۔ کہ جانا اور واپسی ملکی مفاد میں ہے تو خدا کی قسم ہم تنقید برائے تنقید نہیں کریں گے۔ ہمیں یہ بات نہ کہیں کہ آپ اس لئے تنقید نہ کریں کہ کہیں بھارت، سونیا گاندھی کو آپ quote کر رہے ہیں، بھارت یہ بات نہ کرے اور کہے کہ دیکھیں پاکستانی بھی یہ بات کر رہے ہیں۔ ہم کہیں گے جو ہمارا ضمیر کہتا ہے اور جہاں آپ کو ہم غلط سمجھتے ہیں ہم برملا کہیں گے۔ یہ کیا بات ہوئی کہ دوسرے اس کو استعمال کریں گے۔

جناب چیئرمین! جہاں تک snacks کا تعلق ہے آپ نے کہا کہ جو جہاز میں ملتے ہیں وہ snacks بھی کھائے۔ وزیر اعظم کے جہاز میں جو snacks ملتے ہیں میں ان سے مستفید ہو چکا ہوں۔ سری پائے بھی ہوتے ہیں اور گردے کپورے بھی ہوتے ہیں، آلو اور قیمے کے پراٹھے بھی ہوتے ہیں۔ بڑا کچھ ہوتا ہے، اس کے بعد زمین پر اتر کر کچھ کھانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

راجہ محمد ظفرالحق۔ جناب والا! میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں نے ابتداء ہی میں یہ گزارش کی کہ تنقید ان کا فریضہ بھی ہے اور مجبوری بھی۔ وہ تو انہیں کرنی ہی ہے۔ اس سلسلے میں کوئی دو رائے نہیں ہیں۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اپوزیشن میں ہوتے ہوئے تنقید ہی کرنی ہوتی ہے اور کیا کرنا ہوتا ہے۔ اس لئے وہ تو انہوں نے کرنی ہے اور ان کو کرنی چاہیئے۔ اپنی survival کے لئے بھی کرنی چاہیئے لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ اس تنقید میں بھی اتنا personal نہیں ہو جانا چاہیئے کہ جس سے ان کے اپنے معیار کے اوپر اثر پڑے۔ بس صرف اتنی گزارش تھی۔

Mr. Presiding Officer: Let us take up the agenda. Item No.3. Mr. Khalid Anwar to move the motion.

## Point of Personal Explanation Re:Women rights in Pakistan

**جناب محمد اجمل خان خٹک۔** جناب والا! میں آپ کی اجازت سے گزارش کروں گا کہ کل اس قرارداد پر یہاں جو کارروائی ہوئی اس کے بارے میں کسی نے ہمارے موقف کو بہت غلط رنگ دیا ہے اور اخبارات نے نہ معلوم کیوں اس کو اچھالا ہے۔ اس پر آپ کے ذریعے میں ضرور چند الفاظ سب ساتھیوں کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں۔ اس پر وہ دیانت اور خلوص سے سوچیں کہ ہمارا موقف کیا تھا۔ آج ایک اخبار جس کے لئے ہم نے اپنے اصولوں ' اپنے عقیدے کے مطابق دوسروں سے زیادہ کام کیا' اس نے کئی خبریں دے کر کیا کیا ہے ۔ ہمیں معلوم ہے کہ وہ کس نے کیا ہے لیکن چونکہ ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ بنیادی حقوق ' خواتین کے حقوق ' شہری حقوق ' اس لحاظ سے دوسرے حقوق ' ہماری زندگی ' ہماری سیاست' ہمارے موقف ' ہمارے کردار کی بنیادی خشت ہیں بلکہ ہمارے عقیدے کا تقاضا ہے۔ اس لئے اس کے بارے میں ہمارے موقف کو غلط رنگ دینا درست نہیں ہے ۔ ہمیں سزائیں دی گئی ہیں ' پھانسی کی کوٹھڑی تک پہنچایا گیا ہے ' اس پر ہمیں افسوس نہیں تھا ' یہ ہوتا ہے لیکن ہمارےموقف کو دنیا جانتی ہے ' یہ لکھنے والے جانتے ہیں ' یہاں بیٹھے ہوئے سب جانتے ہیں ' اس کو انہوں نے جو رنگ دیا ہے اس پر ہمیں کافی دکھ ہوا ہے۔

جناب والا! آپ یہاں موجود تھے ' یہ خواتین کے حقوق کی قرارداد نہیں تھی ۔ ہم نے خواتین کے حقوق کے خلاف موقف اختیار نہیں کیا ۔ یہ سب غلط ہے کہ ہم نے اور ہمارے سب ساتھیوں نے بلکہ مولانا سمیت سب نے خواتین کےحقوق کے خلاف کوئی موقف اختیار کیا ہے۔ ہمارا موقف غلط طور پیش کیا گیا ہے۔ ہمیں اس پر افسوس ہے ۔ جس کسی نے اس کو ہمارے خلاف استعمال کرنے کی کوشش کی ہے' جو بھی تھے ' ان سب کے کردار پرہمیں افسوس ہے۔ ہم نے صرف یہ کہا کہ یہ قرارداد ایک مخصوص واقعے پر مبنی ہے اور اس کا تسلسل ہے' اس کا تعلق ایک مخصوص واقعے کے ساتھ ہے۔ اس واقعے میں بہت سے پردہ نشینوں کے نام بھی آتے ہیں۔ اگر وہ بحث کرنے کے شوق میں ہیں تو ہمارے پاس کافی ثبوت موجود ہیں کہ اس کے پیچھے کس کا

ہاتھ تھا لیکن ہم یہ بات نہیں کرنا چاہتے۔ یہ تلخی پیدا کرنے کا وقت نہیں ہے۔ ملک میں ایک ایسی فضا پیدا کرنے کا وقت ہے کہ حساس علاقے، شہری علاقے، دیہاتی علاقے اور قبائلی علاقے سب اس طرح سوچیں کہ حالات کا صحیح طریقے سے مقابلہ کر سکیں۔ ہم نے یہ کہا ہے کہ اس کا ایک خاص واقعے سے تعلق ہے۔ اس پر بات کرنے کا فائدہ نہیں۔ یہ case عدالت میں جائے گا۔ عدالت میں وہ لوگ، جن کی طرف میں اشارہ کرتا ہوں، مانیں گے۔ میں کیوں کہوں کہ ایسا تھا۔

یہ قرار داد اس ملک کے ایک حساس علاقے سے تعلق رکھتی ہے۔ وہاں کے لوگ اور ان کے نمائندے علاقے کی تاریخی، نفسیاتی، روایتی، سماجی بلکہ عقیدے اور اپنے قاعدے قوانین کے مطابق اس کو اپنی ناموس کا مسئلہ سمجھتے ہیں۔ یہ اس قسم کا واقعہ ہے۔ میں تقریر کو لمبا نہیں کرنا چاہتا۔ شاہ اسماعیل شہید اور سید احمد بریلوی نے ایک قدم اٹھانا چاہا۔ وہ اس علاقے کی روایات کے خلاف تھا۔ کل جس شخص نے یہ الفاظ استعمال کئے کہ اگر ہم میں غیرت ہوتی تو اس کا جواب ہمیں آتا ہے لیکن افسوس اس سے زیادہ میں کچھ نہیں کہنا چاہتا۔ اس نے ایسے الفاظ استعمال کئے جس کو کم از کم میں ادا نہیں کر سکتا۔ میں نے ان کے لیڈر سے کہا کہ جب تک یہ شخص مجھ سے معافی نہ مانگے، میں آپ کی میٹنگ میں نہیں بیٹھوں گا۔ میں دیوانہ نہیں ہوں۔ میں اپنے ملک اور قوم کو، اپنے ملک کے مختلف علاقوں کی نفسیات کو، کلچر کو، تاریخ کو، مختلف رنگوں کو، مختلف پھولوں کو ایک گلدستے میں لانا چاہتا ہوں۔ ایسا نہیں ہوگا کہ آپ حکم کریں اور تمام حقائق کو، روایات کو بلڈوز کر دیں۔ وہ روایات سے باہر نکل رہے تھے۔ ناموس کا ایک طریقہ اور قاعدہ ہے۔ میری ماں آسمان کے نیچے سر نہیں دھوتی تھی کہ آسمان بھی کہیں ہمیں دیکھ نہ لے لیکن آج میری بچی جو ڈاکٹر ہے مردوں کے وارڈ میں پھر رہی ہے۔ تاریخ، سماج اور تہذیب کی رفتار کے ساتھ روایات بنتی بھی ہیں اور ٹوٹتی بھی ہیں۔ حکومت ہمارے حقوق کو، ہمارے جذبات کو اگر ختم کرنا چاہے تو ہم ہر اس اقدام کے خلاف ہوں گے جو تاریخی طور پر، طریقے کے طور پر، تعلیم و تربیت کے طور پر ہمارے خلاف ہو۔ ہم خواتین کے لئے وہ کچھ کرنا چاہتے ہیں جو ان کا حق ہے۔ باچا خان نے پختون تاریخ میں پہلی دفعہ اپنی بیٹی کو نہ صرف سکول بلکہ تعلیم کے لئے ہندوستان بھیجا۔ ہم وہ لوگ ہیں۔ ہم خواتین کے لئے وہ حقوق چاہتے ہیں اور میں کیا کہوں کہ کل لاہور میں یہ لوگ عاصمہ کے ساتھ جلوس نکال رہے تھے۔ یہ دعویٰ کرنے والا کوئی نہیں تھا۔ ۵۰ عورتیں تھیں۔ میں وہاں مال روڈ پر موجود تھا۔ ہم وہ لوگ ہیں کہ اگر آج بھی human rights کے

لئے، اقلیتوں کے لئے جو کوئی بھی آواز اٹھائے گا تو ہم سب سے آگے ہوں گے۔ خواتین تو ہمارے وجود کا حصہ ہیں چنانچہ وہ بات بالکل غلط تھی۔ بات صرف یہ ہے کہ ہم اس کو ناموس کا مسئلہ سمجھتے ہیں۔ اس مسئلے کو پیش کرنے والوں سے، لیڈران سے میں نے کہا تھا کہ اس کو اس طرح پیش نہ کیا جائے۔ اس کو صحیح رنگ میں پیش کیا جائے۔ کل جس طرح یہ پیش کیا گیا۔ وہ ظاہر کرتا ہے کہ یہ تسلسل ہے۔

(فارسی شعر)

یہ اس کا تسلسل ہے۔ یہ جب آئے گا تو اسی جگہ کو hit کرے گا جس جگہ آپ کرنا چاہتے ہیں۔ اس کو ہم برداشت نہیں کریں گے۔ میں نے صرف یہ کہا ہے کہ یہ بحث یہاں نہ ہو۔ اس کا فیصلہ عدالت میں ہو گا۔ یہاں اس کو غلط رنگ میں پیش کیا گیا ہے۔ ایسے مواقع پر مجھے شاید بولنا نہیں چاہیئے تھا، آپ نے مجھے موقع دیا۔ آپ کا شکریہ۔ میرا مقصد صرف یہ تھا کہ آپ بھی سنیں، گیلری میں دوسرے لوگ بھی سنیں۔ اگر وہ چاہتے ہیں کہ ایمانداری سے، صداقت سے، آزادی کے ساتھ اپنی رائے کا اظہار کریں تو یہ ان کا حق ہے لیکن افسوس کہ اس کو دوسرا رنگ دینا بھی اچھی بات نہیں ہے۔

Mr. Presiding Officer: Yes, please Khuda-e-Noor Sahib for half a minute.

جناب خدائے نور۔ جناب! جو کچھ اجمل صاحب نے کہا، اخباروں میں جو خبر آئی ہے یا جس طرز پر آئی ہے، اس میں میرا بھی نام ہے۔ مجھے بھی وہاں شاید برا بھلا کہا گیا ہے کہ منحرف ہوگئے، وغیرہ وغیرہ۔ میں مزید اس پر کچھ نہیں کہنا چاہتا۔ اجمل صاحب نے جو کچھ تفصیل کے ساتھ کہا میں اس کی پر زور حمایت کرتا ہوں۔ ہماری اپنی ایک روایت ہے۔ جہاں تک بنیادی حقوق ہیں، خواتین کے حقوق ہیں، ہم ان کے لئے پہلے بھی پیش پیش تھے اور انشاء اللہ آئیندہ بھی پیش پیش رہیں گے۔ جناب میں نے اتنا ہی کہنا تھا۔

## LEGISLATIVE BUSINESS

### FURTHER CONSIDERATION OF THE BILL

### Re:The Establishment of Pakistan Oilseeds Development Board

Mr. Presiding Officer: Item No. 3 is deferred.

Item No.4. We are at the consideration of the Bill to provide for the establishment of the Pakistan Oilseeds Development Board [The Pakistan Oilseeds Development Board Bill, 1995], as reported by the Standing Committee be taken into consideration at once.

That motion has already been moved. Will you please give the salient features of the Bill?

**Mian Mohammad Yasin Khan Wattoo:** Sir, the position is that the edible oil consumption in Pakistan has tremendously grown in the last two decades and a large quantity of it is imported each year. In order to promote Oilseeds Development and production more vigorously, it is proposed to establish the Pakistan Oilseeds Development Board. The said Board shall play a vital role in the development and production of the oilseeds in the country. The activities of the Board shall be financed through such funds created for the purpose. So, the Bill may kindly be passed.

**Mr. Presiding Officer:** Anybody who wants to make any comment. Yes Maj. Mukhtar Ahmed.

**میجر (ریٹائرڈ) مختار احمد خان۔** جناب! میں نے اس دن بھی یہ point raise کیا تھا۔ آپ بھی Chair میں تھے لیکن جواب نہیں آیا، منسٹر صاحب نہیں تھے۔ وٹو صاحب کی یہ ڈیوٹی لگی تھی لیکن انہوں نے بھی کچھ نہیں کہا۔ میں تو جناب بورڈ کے حق میں ہوں۔

It is a very good authority, especially as far as the farmers community is concerned.

لیکن میں نے اس وقت بھی point raise کیا تھا،

I will not go into the details now.

اس کی افادیت میں، میں نہیں جاؤں گا۔ وہ سب کو معلوم ہے لیکن ایک مسئلہ تھا

which needs a little clarification and I still wonder whether he will be able to give it since the Minister is not here

اور وہ یہ تھا۔ میں نے جناب اس دن point out کیا تھا کہ

this board shall work within the Ministry of Agriculture.

اس میں تھوڑا سا تضاد پیدا ہوا ہے اور وہ اس لحاظ سے کہ جو یہ commerce policy ہے اس میں Item No.23 میں یہ لکھا گیا ہے کہ یہ بورڈ privatise کیا جائے اور اس کی management کو private sector کو hand over کیا جائے۔

اب جناب اگر اس نے یہ کیا ہے اور منسٹر یہاں پر board establish کرنے کے لئے بل پیش کر رہا ہے تو کونسی بات اس میں ٹھیک ہوگی۔ آیا ان دو وزراء نے آپس میں بات چیت کی ہے یا کہ نہیں۔

Whether the Minister of Finance or the Commerce Minister had consulted the Agriculture Ministry or not? Whether that Ministry is acting on its own and this Ministry is acting on its own?

اس کا کیا ہوگا۔

Actually, we needed the Agriculture Ministry to give a clarification on this? You would need the Minister for Agriculture to give a clarification on this, sir. I seek this clarification. Thank you.

**Mr. Presiding Officer:** Yes, please. Mian Sahib so far as this privatisation is concerned,.

اور کوئی صاحب اس پر بولنا چاہتے ہیں۔

**میاں محمد یسٰین خان وٹو۔** جناب Ministry of Food میں PODB کو privatise کرنے کی کوئی تجویز زیر غور نہیں ہے بلکہ Ministry of Food اس کا بل پاس

کروانا چاہتی ہے۔

میجر (ریٹائرڈ) مختار احمد خان۔ یہ تو Ministry of Agriculture کا کہہ رہے ہیں، میں تو کہہ رہا ہوں کے کامرس پالیسی میں یہ دیا ہوا ہے۔ so if answer is that, am I to assume that this is incorrect?

Mr. Presiding Officer: But is it possible that the Ministry of Commerce should include it without the information or without any concurrence of the Ministry for Food and Agriculture.

Maj. (Retd.) Mukhtar Ahmed Khan: That is what I am asking, that is a dilemma , I say.

Mr. Presiding Officer: He says that there is no proposal, there is no such proposal, yes that is the assurance.

میجر (ریٹائرڈ) مختار احمد خان۔ اگر آپ کہتے ہیں تو ہم لے لیتے کہ وہ نہیں approve ہو سکتا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جی اعتزاز احسن صاحب consideration stage پر بات کریں گے۔

چوہدری اعتزاز احسن۔ جی ہاں میں general principle پر عرض کرنا چاہتا ہوں۔ ویسے اس بل پر بنیادی طور پر، اصولی طور پر اور اس کی جو کلی شکل نکلتی ہے اس پر کوئی ایسا بنیادی اعتراض کسی کو نہیں ہوگا۔ یہ ایک اچھی proposal ہے جس کو دراصل 1995ء میں شکل دی گئی تھی۔ اس کے بنیادی خدوخال کی ہم تائید کرتے ہیں۔ ہم نے دو تین amendments اس کے general shape پر دی ہیں، وہ وزیر صاحب فرما رہے ہیں کہ سب منظور ہو گئی ہیں ماسوائے ایک کے۔ اس میں ایک بڑا بنیادی سقم ہے اور وہ یہ کہ اس میں ہم financial powers delegate کر رہے ہیں۔ بنیادی principle ہے no taxation without representation یعنی ہر قسم کا ٹیکس اور نکس، fee اور levy ہے، اس میں جو charge ہوتا ہے، شہری کی جیب

سے یا اس کی آمدن سے، ریاست سے لیتی ہے، اس کے لئے ضروری ہے کہ پارلیمنٹ اس کی approval دے۔ ہمارے آئین کے تحت وہ قومی اسمبلی ہے۔ سینٹ کا اس میں گو کوئی براہ راست دخل نہیں لیکن اس کی جو ایک شق ہے اور جس کے ذریعے سارا بورڈ چلتا ہے اور بورڈ ایک اہم بورڈ ہے کیونکہ ultimately یہ گھی کی consumption پر اثر انداز ہو گا، import پر کتنا asses ہو گا اور اس کی قیمت پر اثر انداز ہو گا۔ ابھی یہ ہوتا ہے کہ گورنمنٹ بجٹ دیتی ہے اور بجٹ کے 72 گھنٹے میں ایک PTCL Corporation ہے، وہ اپنے طور پر ریٹ بڑھا دیتی ہے اور گورنمنٹ کہتی ہے کہ ہمارا تو اس سے کوئی تعلق نہیں ہے یہ تو independent corporation ہے۔

کسی independent corporation کو یہ اختیار تفویض کرنا بڑا ظلم اور زیادتی ہے اور گورنمنٹ ہی ان سے یہ کام کرا لیتی ہے۔ گورنمنٹ ہی ان کے ذریعے لوگوں کی آمدن اور لوگوں پر ٹیکسوں کا بوجھ، خواہ وہ فیس کی شکل میں ہو، وہ ہوتا ٹیکس ہے، اس کو fee کہیں، levy کہیں، ڈیوٹی کہیں، charge کہیں، surcharge کہیں، اس کو additional surcharge کہیں، نام اس کو کچھ دے دیں، اصل میں وہ ٹیکس ہے۔ وہ ریاست شہری سے کچھ قیمت وصول کر رہی ہے اور یہ وصولی مکمل طور پر ناجائز ہوتی ہے جب تک پارلیمان نے یعنی نمائندگان نے اس کی منظوری نہ دی ہو۔

اب اس میں انہوں نے یہ رکھا ہے کہ وہ جو Federal Government may, from time to time , by notification in the official gazette, gather fixed rate of tax یعنی جو انتظامیہ ہے، جو Executive ہے وہ مقننہ سے پوچھے بغیر جب چاہے اپنی صوابدید پر جتنا ٹیکس لگا دے، fix کے لفظ کو ٹیکس کہہ رہا ہوں کیونکہ یہ اس principle کے خلاف ہے کہ no taxation without representation اس میں ہماری ایک ترمیم ہے۔ وزیر پارلیمانی امور نے کہا ہے کہ باقی ہماری ترامیم میں منظوری کا انہوں نے کچھ ذہن بنا رکھا ہے۔ میں ان سے استدعا کروں گا کہ ان کے ساتھ یہ جو زیادہ بنیادی ہماری ترمیم اور تجویز ہے، اس کے بارے میں غور کر کے اس کو بھی مان لیں۔ ہم یہ کہتے ہیں۔ یہ fix اگر لگے، ڈیوٹی لگے، ٹیکس لگے تو یہ پارلیمنٹ کے سامنے پیش ہو۔ اول تو act of Parliament کے ذریعے لگے، اگر وہ act of Parliament نہیں مانتے تو کسی اور طریقے سے ہو۔ میں نے ایک فارمولا ان کو پیش کیا ہے کیونکہ اس طرح جب یہ

پارلیمنٹ کے سامنے پیش کیا جائے گا تو تمام صوبے' ان کے تمام representatives اس پر اظہار خیال کرسکیں گے اور اس پر فیصلہ کرسکیں گے یہ صوابدید Executive کو نہیں دی جاسکتی۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ: شکریہ جناب چیئرمین! ویسے تو یہ Pakistan Oilseed Development Board کو بہت پہلے بن جانا چاہئیے تھا۔ پاکستان واقعی ایک زرعی ملک ہے اور زرعی ملک ہونے کے ناتے سے ہمیں اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا چاہئیے۔ خود انحصاری کا اصول اپنانا چاہئیے۔ ہم اربوں روپیہ پام آئل اور دوسری oilseeds پر یہ قیمتی زرمبادلہ خرچ کرتے چلے آ رہے ہیں۔ زراعت کے میدان میں جو ہم اربوں روپیہ زرمبادلہ خرچ کرتے ہیں وہ بالکل بے جا ہے اور اس کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ پاکستان خود ایک زرعی ملک ہے۔ یہاں وسائل بھی ہیں' پانی بھی ہے' زمین بھی ہے سب کچھ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو حکومت بل لائی ہے یہ بہت اچھا بل ہے۔ ہم اس کی تائید کرتے ہیں۔ اس بل کو بہت پہلے آ جانا چاہئیے تھا۔ oilseed کے لئے خاص طور پر سندھ اور بلوچستان کا جو ساحلی علاقہ ہے انہوں نے تجربے کے طور پر وہاں کام شروع کیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک ایسا اقدام ہے جس سے پاکستان نہ صرف خود کفیل ہو جائے گا Oilseed کے معاملے میں بلکہ ہم اس قابل بھی ہوسکیں گے کہ اسے برآمد بھی کر سکیں۔ یہاں بہت vast زمین ہے۔ 950 کلو میٹر کے قریب یہ جو ساحلی پٹی ہے سندھ اور بلوچستان کا یہ تقریباً 1100 K.M یا ہزار کے قریب ہے۔ اگر یہاں پام آئل اور یہ دوسری چیزیں شروع کی جائیں تو بہت کچھ ہوسکے گا۔ ویسے بھی وہاں کی آب و ہوا Oilseeds کے لئے بہت ہی بہترین ہے خاص طور پر مکران ڈویژن کی۔

میں اس بل کی تائید کرتا ہوں اور یہ ضرور تجویز کروں گا کہ یہ جو اس کا ہیڈکوارٹر اسلام آباد میں ہے تو اگر مناسب سمجھیں تو کوئی ایک ہیڈ کوارٹر ہمارے پاس بھی ہو۔ کم از کم گوادر میں اس کا ہیڈ کوارٹر رکھیں۔ Oilseeds کی main crop وہ وہیں ہو گی۔ 770 Kilometers کے علاقے میں Oilseeds کی فصلیں کاشت کی جائیں گی۔ ہمارے علاقے کے بھی کچھ تھوڑے بہت ڈرائیور، منشی، کوئی کلرک کوئی چھوٹے ملازمین' بڑے تو یہ نہیں رکھتے ہیں' بھرتی ہو جائیں گے۔ ویسے بھی یہ کہہ رہے ہیں کہ Gawadar Deep Sea Port بنائیں گے تو اس حوالے سے

میں سمجھتا ہوں کہ اس کا ہیڈکوارٹر میری تجویز ہے کہ وہ اسلام آباد کی بجائے اگر گوادر میں ہو تو بہتر ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ میں یہ ضرور عرض کروں گا کہ یہ ایک مثبت بل ہے اس کو پاس ہو جانا چاہئیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی لون صاحب۔

جناب جسٹس (ریٹائرڈ) محمد افضل لون: شکریہ جناب! میں مختصر الفاظ میں جو پانچ پیسے ڈیوٹی کی levy پر اعتراض کیا ہے، اس کے متعلق بات کروں گا۔

Mr.Presiding Officer: Please use the microphone.

جناب جسٹس (ریٹائرڈ) محمد افضل لون: میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جناب اعتزاز احسن صاحب کو collection of duty پر تو عذر نہیں ہے لیکن mode of collection پر ہے۔ میں اس کا جواب دینا چاہتا ہوں۔

اوّل تو یہ ہے کہ Tax اور fee میں فرق ہے۔ ٹیکس سب جانتے ہیں is a common burden اور fee is a levy in view of substance. میں یہ عرض کروں گا کہ یہ ٹیکس نہیں یہ ایک levy ہے، یہ ایک fee ہے۔ یہ جو بورڈ کے فرائض ہیں، جناب چیئرمین! آپ نکتے کی وضاحت کے لئے اگر اجازت دیں تو میں اس کی clause 4 کو refer کروں گا clause 4 سب تو نہیں پڑھتا لیکن clause B دیکھ لیجئے۔

to promote with the collaboration of the Provincial Government Oilseeds Crops and yielding plants and trees, for the country to substitute the import of edible Oil, he has supported design and projects and Oilseeds yielding crops, trees, through research and study.

آپ دیکھیں گے کہ یہ مقاصد اور فرائض جو بورڈ کو تفویض کئے گئے ہیں وہ multi dimensional ہیں۔ اس میں research بھی شامل ہے۔ اس میں import پر نگاہ بھی رکھنی ضروری ہے۔ اس میں جو ملکی قیمتیں ہیں اس پر بھی نگاہ رکھنی ہے۔ اس میں یہ بھی دیکھنا ہے کہ کتنا ایریا زیر کاشت ہے اور کتنے ایریا کو oil field کے تحت لانے کی ضرورت ہے۔ آپ ذرا دیکھیں گے کہ یہ 96-97 میں دو لاکھ پچاس ہزار ایکڑ رقبہ کینولا کے زیر کاشت تھا لیکن بورڈ کی کارکردگی بہتر نہ ہونے کی

وجہ سے' organize نہ ہونے کی وجہ سے' اگلے سال 98-97 میں یہ صرف 51 ہزار ایکڑ رہ گیا۔ دو لاکھ پچاس ہزار ایکڑ سے 51 ہزار ایکڑ۔ اس کے بعد بورڈ میں تھوڑی سی ہلچل ہوئی تو کچھ اس نے آگے rise کیا۔ 99-98 میں یہ کاشت 115 ہزار ایکڑ رقبہ تک بڑھ گئی۔

اب بورڈ کے فرائض میں research بھی ہے اور اسی research کو پیش نظر رکھتے ہوئے بورڈ نے پام آئیل کاشت کے تجربات ٹھٹھہ اور کوسٹل ایریا میں شروع کر دیئے ہیں۔ بلوچستان کے کوسٹل ایریا میں سیلکان کے تجربات ہو رہے ہیں اور یہ ایک نیا تجربہ ہے جو اس ملک میں introduce ہوا ہے۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ بورڈ کو اپنے مقاصد کی تکمیل کے لیے فنڈز کی ضرورت ہے اور یہ جو مقاصد ہیں اور یہ جو فنڈز کی ضرورت ہے اس میں رد و بدل ہونا ضروری ہے۔ بورڈ یہ بھی دیکھے گا کہ کتنے رقبے پر کاشت ہوتی ہے' edible oil کی production کیا ہے' کتنا امپورٹ ہونا ہے' اس میں اس کی ریسرچ کے لیے کتنی رقم کی ضرورت ہے۔ یہ تمام تھوڑی بہت ردوبدل کے حامل ہیں اور اگر ٹیکس لگایا جائے' اگر یہ levy لگائی جائے تو اس میں سالہا سال لگ جائیں گے۔ یہ بل 94 یا 95 میں سینٹ میں پیش ہوا اور ابھی سینٹ سے پاس ہونے کے بعد اس نے نیشنل اسمبلی میں مختلف مراحل طے کرنے ہیں۔ یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔ جب بھی ایسے معاملات legislature کے سامنے آتے ہیں کہ جن میں income میں فوری رد و بدل یا ایسے معاملات پیش ہیں جن میں فیڈرل گورنمنٹ یا اور کوئی ادارہ اچھی طرح نگاہ رکھ سکتا ہے تو یہ legislature کا کام نہیں ہو گا کہ وہ دیکھیں کہ انٹرنیشنل مارکیٹ میں آج کی کیا قیمت ہے؟ انٹرنیشنل مارکیٹ میں production کیا ہے؟ ملک میں کتنی production ہے؟ ان ساری باتوں پر تو وہی ادارے نگاہ رکھتے ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر اس کو آپ پارلیمنٹ کے سپرد کریں گے تو جو فوری ضرورت اور رد و بدل اور بورڈ کو ضروریات ہوں گی وہ پوری نہیں ہوسکیں گی۔ یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔ بہت سے ایسے pieces of legislation ہیں جن میں Federal government کو یہ power دی گئی ہے۔ for instance آپ regulatory duty لے لیجئے section 18 of the Custom Act میں یہ پڑھ دیتا ہوں۔ یہ سیکشن (2)18 ہے۔

The Federal Government may by notification in the official gazette levy subject to such conditions, limitations or restrictions as it may deem fit to import a regulatory duty.

آگے بھی ہے لیکن آگے اتنا relevant نہیں ہے۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ regulatory duty ہے that is in the nature of a text اور یہ سپریم کورٹ کی ججمنٹ ہے۔ میرے فاضل دوست جانتے ہوں گے کہ سپریم کورٹ نے جو hold کیا ہے۔ یہ item 43 میں fall کرتی ہے it is in the nature of the custom duty اس طرح سے اور بھی بہت سی legislations ہیں for instance میونسپل laws ہیں، ان کے ساتھ کونسلروں کو اور میونسپل کمیٹیوں کو levy impose کرنے کا اختیار ہے تو یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔ یہ حالات کا تقاضا ہے۔ بورڈ کی ضروریات کو اور ملکی اور domestic حالات میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ فیڈرل گورنمنٹ کے بورڈ کی advice پر یہ levy کریں اور پھر اس میں ردوبدل ہے اور دیکھیں اگر یہ زیادہ import ہوں گی تو ڈیوٹی کم کر کے پانچ پیسے سے تین پیسے کی، اس میں ردوبدل کا لفظ ہے change, پانچ پیسے سے دو پیسے بھی ہو سکتی ہے، تین پیسے بھی ہوسکتی ہے اور پانچ پیسے سے سات پیسے بھی ہو سکتی ہے۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ جس حالت میں گورنمنٹ نے اس کی clause 12 پیش کی ہے اسی صورت میں اس کو منظور کر لیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** سید اقبال حیدر صاحب۔

**سید اقبال حیدر:** جناب چیئرمین! seed کی ڈویلپمنٹ کے بارے میں ۱۹۴۶ء سے قانون موجود تھا۔ ۱۹۷۶ء میں seed ایکٹ بھی پاس ہو گیا اور اس کے باوجود ہمارے ملک میں اس کی ڈویلپمنٹ میں کوئی خاطر خواہ اضافہ نہیں ہوا کیونکہ بورڈ سے پہلے جو کمیٹیاں بنائی ہوئی تھیں وہ مکمل طور پر بیوروکریٹس کے زیر اثر تھیں۔ ہماری پیپلز پارٹی کی حکومت نے ۱۹۹۴ء میں یہ فیصلہ کیا تھا کہ ایک independent board بنایا جائے۔ یہ ہماری حکومت کا فیصلہ تھا تاکہ اس میں ہم پرائیویٹ سیکٹر، پبلک سیکٹر پارٹنر شپ کی بنیاد پر، ٹیکنوکریٹس کی مدد کی بنیاد پر حکومت کے علاوہ، بیوروکریٹس کے علاوہ agriculturists کے صلاح مشوروں سے اور scientific development میں ملوث لوگوں کے صلاح و مشوروں سے seeds کی ڈویلپمنٹ کو اور بہتر بنائیں۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** "ملوث" نہیں، شامل ہیں۔

**سید اقبال حیدر:** میں آپ کا مشکور ہوں۔ شامل ہیں۔ بورڈ کی موجودہ composition سے وہ پہلو جو اس بورڈ کو بنانے کا بنیادی مقصد تھا، اس کی نفی ہوتی ہے۔ جناب! میں حیران

ہوں کہ اگر یہی کمپوزیشن رکھنی تھی تو پھر بورڈ بنانے کی ضرورت کیا تھی ؛ ویسے ہی اس کو مکمل طور پر منسٹری آف ایگریکلچر کے ماتحت ہی رکھنا ہے تو پھر ---

**Mr. Presiding Officer:** Is it different from the pattern?

**Syed Iqbal Haider:** Sir, it is not different, it is the same pattern.

**Mr. Presiding Officer:** It is the same which was originated.

پہلے کمیٹی کا کون چیئرمین ہے، سیکرٹری ایگریکلچر؛ لیکن آپ کے بل میں، جو پیپلز پارٹی کے دور حکومت میں آیا، اس میں کیا کمپوزیشن میں کچھ فرق ہے۔

**سید اقبال حیدر۔** بنیادی کمپوزیشن میں میری ایک گزارش ہے ---

(مداخلت)

**سید اقبال حیدر۔** جناب! ایک دو منٹ آپ دیکھ لیں ۔ آج کل سائنٹیفک دور ہے اور سیکرٹری صاحب آج ایگریکلچر میں ہیں ، کل وہ کامرس میں ہوں گے ، پرسوں وہ حج میں ہوں گے، he is no authority, No.1. He is too busy in doing other meetings and affairs. آپ چیئرمین کس کو بنا رہے ہیں ۔ سیکرٹری آف فوڈ ، ممبر کون ہیں ، ایگریکلچر ریسرچ کونسل کے ممبر ، ایک دوسرا منسٹری آف فنانس کا جوائنٹ سیکرٹری ، تیسرا منسٹری آف پلاننگ کا جوائنٹ سیکرٹیری ، پھر پنجاب ڈویلپمنٹ کا ایڈیشنل چیف سیکرٹری ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری سندھ ---

**Mr. Presiding Officer:** That has been agreed.

**Syed Iqbal Haider:** Sir, my emphasis is that this is a statutory body. At least this much you would concede that the basic object of the statute bill is to constitute an independent statutory body and this very concept and object is defeated by the composition. I am challenging the entire composition of the Board. It should be comprised of experts, technocrats and not all the bureaucrats.

بیوروکریٹس نے تو تباہ کیا ہوا ہے agriculture sector کو۔ آپ اسے پھر انہی کے ہاتھ میں

دے رہے ہیں، جن سے آپ بچانا چاہتے تھے، آپ انہی کے زیر اثر دے رہے ہیں۔ شکریہ۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر:** جناب خدائے نور صاحب۔

**جناب خدائے نور:** اس بل کے بارے میں جیسے حئی صاحب نے بھی کہا اور ہمارے قائد حزب اختلاف، ہمارے دوست اعتزاز احسن صاحب نے کچھ خدشات کا اظہار کیا ہے۔ میں تو یہ کہتا ہوں کہ دیر آید درست آید لیکن اس پر یہ ضرور کہوں گا کہ اس بورڈ کو بورڈ ہی بنائیں۔ اس وقت مجھے اس بارے میں علم نہیں ہے جو انہوں نے ترمیم پیش کی ہے کیونکہ وہ تو ابھی تک ہمارے سامنے نہیں آئی ہے۔ بورڈ کو ایک بورڈ ہی رہنے دیں، نوکر شاہی کے ہاتھوں میں نہ دیں بلکہ اگر بورڈ اس کی development پر کچھ کام کرے، صحیح معنوں میں صحیح لوگ ہوں تو کوئی بھی شخص ایسا نہیں ہوگا جو اس سے اختلاف کرے یا ان کی مخالفت کرے۔ میں اس کے حق میں ہوں۔ یہ بہت پہلے بننا چاہیئے تھا، 95 سے ایسے ہی چلا آرہا ہے لیکن یہ بننا چاہیئے تھا۔ اب بھی میں یہ کہوں گا کہ اس کو بننا چاہیئے۔ وہ خدشات جو میرے قائد حزب اختلاف نے پیش کئے ہیں، میں یہ کہوں گا کہ آپ عوام کی طرف بھی توجہ دیں، ان پر اس چیز کا اثر نہ پڑے۔ ان پر کسی گرانی کا اثر نہ پڑے۔ عوام آپ سے اس چیز کی توقع رکھتے ہیں کہ آپ اس طرف توجہ دیں۔ جہاں تک بورڈ کا تعلق ہے، میں اس کی حمایت کرتا ہوں، کروں گا لیکن خدا کے لئے اسے بیورو کریسی کے ہاتھ میں نہ دیں۔ ایک صحیح بورڈ بنائیں جس میں صحیح نمائندے ہوں اور یہ سب مخلص لوگوں کے ہاتھ میں ہو۔ جیسے ڈاکٹر حئی صاحب نے کہا کہ اس بورڈ کو اسلام آباد کی حد تک نہ رکھیں، لاہور کی حد تک نہ رکھیں، لوگوں کو عوام کو خدشات ہیں، اس کو یہاں سے باہر نکالیں، باہر کسی اور صوبے میں، پختونخواہ کے صوبے میں رکھیں، بلوچستان میں رکھیں، سندھ میں رکھیں، کوئی حرج نہیں ہے لیکن آپ یہاں سے باہر نکل آئیں۔ اس خول سے باہر آئیں تاکہ آپ پر لوگوں کا اعتماد رہے۔ شکریہ۔

**Mr. Presiding Officer:** I will now put the question. The question is that a Bill to provide for the establishment of the Pakistan Oilseed Development Board [The Pakistan Oilseed Development Board Bill, 1995], as reported by the Standing Committee be taken into consideration at once.

*(The motion was carried)*

**Mr. Presiding Officer:** We will now take the second reading and we will take the Bill clause by clause.

Clause 2; there is no amendment in this clause. I will put the question directly to the vote of the House.

The question is that Clause 2 forms part of the Bill.

*(The motion was carried.)*

**Mr. Presiding Officer:** Clause 2 forms part of the Bill.

Clause 3; there is an amendment in Clause 3, Mr. Aitzaz Ahsan to move the amendment.

**Ch. Aitzaz Ahsan:** Mr. Chairman, with your permission I beg to move that in Clause 3, for sub-Clause (2), the following be substituted, namely;

(2) "The Board shall consist of the Minister for Food, Agriculture and Livestock as its Chairperson, the Secretary, Ministry of Food, Agriculture and Livestock, Chairmen of the Standing Committees on Food and Agriculture in the Senate and National Assembly, the Managing Director, Executive Director and such other directors and officers as the Federal Government may appoint".

**Mr. Presiding Officer:** The amendment moved is that in Clause 3, for sub-Clause (2), the following be substituted, namely;

(2) "The Board shall consist of the Minister for Food, Agriculture and Livestock as its Chairperson, the Secretary, Ministry of Food, Agriculture and Livestock, Chairmen of the Standing Committees on Food and Agriculture in the Senate and National Assembly, the Managing Director, Executive Director and such other directors and officers as the Federal Government may appoint.

**Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo:** Not opposed.

**Mr. Presiding Officer:** This amendment is not opposed, therefore, this amendment is carried. Now, I will put the clause. Anybody who wants to speak. I will now put the question.

The question is that Clause 3, as amended, forms part of the Bill".

*(The motion was carried)*

**Mr. Presiding Officer:** Clause 3, as amended, forms part of the Bill. Now, we come to Clauses 4 & 5. There are no amendments in Clause 4 & 5. Now, I will put both the clauses to the vote of the House.

The question is that Clause 4 and Clause 5 form part of the Bill.

*(The motion was carried.)*

**Mr. Presiding Officer:** Clause 4 and Clause 5 form part of the Bill. Now, Clause 6. There is an amendment in Clause 6. Mr. Aitzaz Ahsan to move the amendment.

**Ch. Aitzaz Ahsan:** Mr. Chairman, with your permission, I beg to move that in Clause 6, in sub-Clause (1), for paragraph (a), the following be substituted, namely;

| | | |
|---|---|---|
| (a) | Minister for Food, Agriculture and Livestock. | Chairperson |
| (aa) | Secretary, Ministry of Food, Agriculture and Livestock, Government of Pakistan. | Member |
| (aaa) | Chairman of the Standing Committees of the Senate and the National Assembly on Ministry of Food & Agriculture, | Members |

and paragraph (1) be omitted.

یہ over leaf ہے جناب۔

میاں محمد یسٰین خان وٹو، جناب! over leaf سارا اگر کریں گے تو پھر یہ reading incorrect ہو جائے گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، جناب اعتزاز صاحب یہ فرمائیے کہ (اے)' (اے اے)' اور (اے اے اے) کے بعد پھر کیا ہے؟ کیا یہ ہے کہ paragraph (L) be omitted.

(اس موقع پر ظہر کی اذان سنائی دی اور اذان کے بعد ہاؤس کی کارروائی دوبارہ شروع ہوئی)

چوہدری اعتزاز احسن، جناب! یہ Clause (L) ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، پہلے میں اسے propose کر لوں پھر میاں صاحب آپ فرمائیں گے۔

The amendment moved is that in Clause 6, in sub-clause (2),

(1) for the paragraph (a) the following be substituted, namely:

| | | |
|---|---|---|
| (a) | Minister for Food and Agriculture &. Livestock. | Chairperson |
| aa) | Secretary, Ministry of Food & Agriculture and Livestock, Government of Pakistan. | Member |
| aaa) | Chairmen of the Standing Committees of the Senate and National Assembly on Ministry of Food & Agriculture. | Member |

(2) Paragraph (L) be omitted.

میاں محمد یسٰین خان وٹو، جناب! اس میں' میں یہ request کروں گا کہ one کو ہم accept کرتے ہیں۔ two میں' میں ان سے request کروں گا کہ اس کی یہ صورت بنتی ہے کہ اگر یہ amendment منظور ہو تو four progressive growers of Oilseed to be nominated by the Federal Government in consultation with the respective Provincial Governments یہ delete ہوتا ہے چنانچہ اس بورڈ کے لئے تمام صوبوں سے کاشتکاروں کے نمائندوں کا ہونا بہت

ضروری ہے۔اس لئے میں ان سے استدعا کروں گا کہ وہ اسے withdraw کرلیں۔

**Ch. Aitzaz Ahsan:** Sir, to the extent of "Paragraph (L)" because it is for the representation to the growers and progressive growers, we withdraw this amendment to that extent. So clause 1

جو amendment کا ہے وہ unopposed ہو جائے گا کیا؛ یعنی جو ہم نے propose کیا ہے۔

**Mr. Presiding Officer:** Now, first of all, I should put the withdrawal.

The question is that Mr. Aitzaz Ahsan should be allowed to amend the amendment and withdraw Clause 2 of the amendment.

*(The motion was carried)*

**Mr. Presiding Officer:** I think, the sub-Clause (2), as proposed by Mr. Aitzaz Ahsan is deleted from the Bill and now I will put the amendment or as ....

**Syed Iqbal Haider:** Sir, I have a suggestion, just for improvement because that is the first Bill that is being amended,

(aa) لکھنا برا لگے گا تو (aa) کو آپ(b) کر دیں اور (b) کو (c) کر دیں۔

**Mr. Presiding Officer:** The office will take care of that.

**Ch. Aitzaz Ahsan:** The office is entitled to do this.

**Mr. Presiding Officer:** The question is that the amendment moved by Mr. Aitzaz Ahsan, as amended, forms part of the Bill.

*(The motion was carried)*

**Mr. Presiding Officer:** And now the question is that Clause 6, as amended, forms part of the Bill.

*(The motion was carried)*

**Mr. Presiding Officer:** There is no amendment in Clause 7. I will put it directly to the vote of the House.

The question is that Clause 7 forms part of the Bill.

*(The motion was carried)*

**Mr. Presiding Officer:** Next Clause 8. There is amendment in the name of Mr. Aitzaz Ahsan. Please move that.

**Ch. Aitzaz Ahsan:** Mr. Chairman, with your permission, I beg to move that in Clause 8, in sub-Clause (1), in the proviso, after the words "meeting", occuring at the end, the words "in case of emergent meeting two days notice shall be given" be added.

**Mr. Presiding Officer:** The amendment moved is that in Clause 8, in sub-Clause (1), in the proviso, after the words "meeting", occuring at the end, the words "in case of emergent meeting two days notice shall be given" be added.

**Mian Mohammad Yasin Khan Wattoo:** Not opposed.

*(The motion was carried)*

**Mr. Presiding Officer:** The amendment is not opposed, it stands carried. Now, I will put the clause to the vote of the House.

The question is that Clause 8, as amended, forms part of the Bill.

*(The motion was carried)*

**Mr. Presiding Officer:** Clause 8 forms part of the Bill.

The question is that Cluase 9, 10 and 11 form part of the Bill.

*(The motion was carried)*

**Mr. Presiding Officer:** Clause 9, 10 and 11 forms part of the Bill. Now, Clause 12, amendment by Mr. Aitzaz Ahsan. Please move that.

**Ch. Aitzaz Ahsan:** Mr. Chairman, with your permission I beg to move that in Clause 12, in sub-Clause (1), in the proviso, for the words "by notification in the official Gazette", occuring in the first and second line, the words "by an Act of Parliament", be substituted.

**Mr. Presiding Officer:** The amendment moved is that in Clause 12, in sub-Clause (1), in the proviso, for the words "by notification in the official Gazette", occuring in the first and second line, the words "by an Act of Parliament", be substituted.

Mian Mohammad Yasin Khan Wattoo: Opposed Sir.

**چوہدری اعتزاز احسن:** جناب والا! پارلیمنٹ کا نام آیا تو انہوں نے oppose کر دیا۔ بہت ہی اختصار کے ساتھ تاکہ اس بل پر زیادہ وقت نہ لگے میں ایک alternative بھی دینے کو تیار ہوں۔ ستم ظریفی یہ ہے کہ پارلیمان کے نام پر جھینپتے ہیں' alergic ہیں کہ جہاں پارلیمان کا نام آیا' وہاں oppose کر رہے ہیں۔

میں پہلے ہی عرض کر چکا ہوں' میں اس کو دہرانا نہیں چاہتا ہوں' میرا مقصد یہ ہے کہ جو بھی شخص' خواہ لون صاحب کہیں کہ یہ ٹیکس علیحدہ ہے لیکن بنیادی طور پر یہ پارلیمان میں آتا ہے ۔ ہر اس چیز کو بنیادی طور پر ایک جنس سمجھا جائے گا جس پر کہ ریاست شہری سے کچھ مانگتی ہے ، کچھ لیتی ہے۔ ٹیکس کی شکل میں' levy کی شکل میں' ڈیوٹی کی شکل میں' چارج کی شکل میں' سب چارج کی شکل میں' اضافی سب چارج کی شکل میں' billing کی شکل میں' جب بھی ریاست شہری سے کچھ لیتی ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں اس کے لیے پارلیمنٹ کی منظوری ہونی چاہیئے لیکن میں اس کے باوجود وزیر صاحب کی consideration کے لیے' اگر یہ فیڈرل گورنمنٹ کا نوٹیفکیشن ہی لگانا چاہتے ہیں کہ فیڈرل گورنمنٹ کے notification کے ذریعے fee اوپر نیچے ہو سکے تو میں ان کو propose کرتا ہوں کہ اس کے بعد ہم اک دوسرا proviso لگا دیں provided

further that such notification shall be placed before Parliament for approval.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی وزیر پارلیمانی امور۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جناب والا! میں ایک تو یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ منڈ صاحب نے صرف پارلیمنٹ کے نام کی وجہ سے یہ سمجھ لیا ہے کہ میں اسے اپوز کر رہا ہوں۔ عرض یہ ہے کہ یہ بل پارلیمنٹ کے سامنے پیش ہے اور اگر پاس فرمائیں گے، منڈ صاحب اب متوجہ نہیں ہیں۔ جناب چیئرمین! اگر منڈ صاحب اس قانون کو پاس کریں گے، یہ پارلیمنٹ کے سامنے ہے۔ آپ پاس فرمائیں گے، پھر آپ کا دوسرا ہاؤس پاس فرمائے گا تو پھر صدر صاحب کی assent کے بعد یہ Act of Legislature بنے گا۔ آپ نے خود اور آپ کے دوستوں نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ یہ بل کتنا ضروری ہے کہ بہت پہلے آنا چاہیئے تھا، 1995 میں یہ introduce کیا گیا ہے اور آپ دیکھ لیجئے کہ کتنے سال ہو گئے ہیں۔

اس بورڈ کو فنکشنل کرنے کے لیے آپ سے اجازت طلب کی جارہی ہے کہ گورنمنٹ کو اجازت دے دیں کہ self-assess میں increase کی ضرورت پیش آئے تو وہ by notification کر سکیں۔ آپ کو اسے تبدیل کرنے کا ہر وقت حق حاصل ہے لیکن اگر amendment اعتزاز احسن صاحب کی منظور کر لی جائے پھر یوں سمجھئے کے بورڈ آپ نے بنا دیا، ان کو اختیارات بھی دے دیئے لیکن فنڈ جو اس assess کے ذریعے ملنا ہے اور جس کے ذریعے اس نے function کرنا ہے اس کے لیے پھر گنجائش نہیں ہو گی اور معاملہ delay ہو گا۔

جناب والا! اس بورڈ کی افادیت یہ ہے کہ اس وقت کینولا کی کاشت ایک لاکھ ستھتر ہزار ایکڑ تک پہنچ گئی ہے۔ سن فلاور کی کاشت چار لاکھ سے اوپر بڑھ گئی ہے اور اس سے زمیندار کو، کاشت کار کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔ import bill کم ہو رہا ہے۔ اگر اس کی افادیت کم کر کے اس کو پھر پرزوں میں ڈال دیا جائے تو پھر یہ مناسب نہیں ہوگا۔ پارلیمنٹ سے یہ اختیار مانگا جا رہا ہے۔ آپ گورنمنٹ کو یہ اختیار دے دیں۔

Mr. Presiding Officer : Request is that in clause 12 in sub clause 1 in the proviso for the words "by notification in the Official Gazette" occuring in the first and the second line the words " by an Act of the Parliament" be

substituted.

*(The motion was negated).*

**Mr. Presiding Officer:** I will now put the clause to the vote of the House.

The question is that Clause 12 forms part of the Bill.

*(The motion was carried).*

**Mr. Presiding Officer** : Clause 13 and 14.

The question is that Clause 13 and 14 form part of the Bill.

*(The motion was carried)*

**Mr. Presiding Officer:** Clause 15, amendment by Mr. Aitzaz Ahsan, please move that.

چوہدری اعتزاز احسن، ٹھیک ہے جی۔

**Mr. Presiding Officer:** I will put Clause 15 to the vote of the House.

The question is that Clause 15 forms part of the Bill.

*(The motion was carried)*

**Mr. Presiding Officer:** Clause 16 to 21.

The question is that Clause 16 to 21 form part of the Bill.

*(The motion was carried).*

**Mr. Presiding Officer:** The question is that Clause 1, Short title and extent and commencement be the short title extent and commencement of the Bill.

*(The motion was carried).*

**Mr. Presiding Officer:** Please move the next motion.

**Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo:** Sir, I move that the Bill to provide for the establishment of the Pakistan Oil Seed Development Board [The Pakistan Oil Seed Development Board Bill, 1999] be passed.

**Mr. Presiding Officer:** The motion moved is that the Bill to provide for the establishment of the Pakistan Oil Seed Development Board [The Pakistan Oil Seed Development Board Bill, 1999] be passed.

*(The motion was carried)*

**Mr. Presiding Officer:** There is no opposition into this motion. The motion is carried and the Bill is passed. The House is adjourned to meet on 6th of August, 1999 at 9.30 a.m.

---

[The House was then adjournmed to meet again on Friday, 6th of August, 1999 at 9.30 a.m]

---